ABC CERTIFIED ★★★ باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY
ALEEM
LAHORE
روزنامہ
علیم
لاہور
چیف ایڈیٹر: ملک محمد علی جڑھ

جلد نمبر 4 | ہفتہ 5 اپریل 2025، 6 شوال المکرم 1446ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 80

آئی پی پیز کیساتھ مذاکرات سے 3696 ارب کی بچت ہوئی، اویس لغاری

گردشی قرضے، ڈسکوز کی ناقص کارکردگی اور بجلی کی طلب میں مسلسل کمی بڑے چیلنجز ہیں، سی پیک کے تحت چائنیز پلانٹس میں کوئلے سے بجلی کی پیداوار پر توجہ دی جائیگی، وزیر توانائی

یہ بچت آئندہ برسوں میں صارفین کیلئے بڑا ریلیف ہوگا، پاور سیکٹر میں سب سے بڑا چیلنج پیداواری لاگت ہے، 6 بجلی کمپنیوں کی نجکاری کی جائیگی، صحافیوں کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ بجلی شعبے میں بڑی اصلاحات کی ہیں، 696,3 ارب روپے کی بچت کا ریلیف عوام کو ملے گا، سی پیک کے تحت چائنیز پلانٹس میں کوئلے سے بجلی کی پیداوار پر توجہ دی جائے گی۔ وفاقی دارالحکومت میں صحافیوں کو بریفنگ میں وفاقی وزیر پاور ڈویژن اویس لغاری نے بجلی کے شعبے سے متعلق کئی اہم اقدامات اور چیلنجز پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ 36 آئی پی پیز کے ساتھ مذاکرات سے 696,3 ارب روپے کی بچت ہوئی ہے، جو آنے والے سالوں میں صارفین کیلئے ریلیف کا باعث بنے گی۔ انہوں نے بتایا کہ بجلی کے شعبے کا سب سے بڑا چیلنج پیداواری لاگت ہے، جس میں ٹیرف میں اضافے اور 400,2 ارب روپے کے گردشی قرضے نے مشکلات بڑھا دی ہیں، اسی طرح ڈسکوز کی ناقص کارکردگی اور کوآرڈینیشن کی کمی بھی ایک بڑا مسئلہ ہے جب کہ بجلی کی طلب میں مسلسل کمی بھی شعبے کیلئے بڑا چیلنج ہے۔ وزیر توانائی نے کہا کہ ٹرانسمشن لائنز کے نقصانات کی وجہ سے بجلی کی قیمت میں 1 سے 2 روپے کا اضافہ ہوتا ہے، ان نقصانات کو کم کرنے کیلئے منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 89.1 کروڑ صارفین (جو 100 یونٹس تک استعمال کرتے ہیں) کیلئے بجلی کی (بقیہ نمبر 20)

ٹیرف لڑائی، پاکستان کا مصالحتی راستہ اختیار کرنے کا فیصلہ

پاکستانی موقف کی وضاحت کیلئے امریکی تجارتی نمائندے سے ملاقات کا فیصلہ کرلیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ٹرمپ انتظامیہ کی تجارتی لڑائی کے جواب میں پاکستان نے مصالحتی راستہ اختیار کرنے اور 29 فیصد اضافی ٹیرف عائد کرنے کے فیصلے پر نظرثانی کا مطالبہ کرنے کا عندیہ دے دیا، کیونکہ پاکستانی برآمدات پر امریکا میں پہلے سے زائد اوسط ٹیرف عائد ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت اعلیٰ سطح اجلاس جس میں ڈبلیو ٹی او (بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے میانمار کے سفارتخانے کے دورہ کے موقع پر میانمار کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

غیر ملکی گٹھ جوڑ، انتشار پھیلانے اور پروان چڑھانے کی کوششیں پوری طرح سے بے نقاب ہو چکی ہیں، ایسے عناصر اور ایسی کوششیں کرنے والوں کو کسی بھی قسم کی معافی نہیں دی جائے گی: فورم

بلوچستان میں کسی کو امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دینگے

کور کمانڈرز کانفرنس

دہشت گردوں کے سہولت کاروں، حامیوں کے خلاف بھرپور طاقت استعمال کی جائے گی، کور کمانڈرز کانفرنس کا ہر قیمت پر بلاتفریق دہشت گردی کے خاتمے کے عزم کا اعادہ

پاکستان میں دہشت گردوں اور سہولت کاروں کیلئے کوئی جگہ نہیں، دہشت گردوں کی مالی اعانت کیخلاف سخت قانونی اقدامات میں مکمل تعاون کیا جائیگا، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی زیر صدارت کور کمانڈرز کانفرنس نے ہر قیمت پر بلاتفریق دہشت گردی کے خاتمے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی کوشش کرنیوالے عناصر اور ان کے سہولت کاروں سے ریاست پوری طاقت سے نمٹے گی، کسی کو بلوچستان میں امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائیگی، ملکی و غیر ملکی عناصر کا گٹھ جوڑ بے نقاب ہو چکا ہے، ان عناصر کو کوئی معافی نہیں دی جائیگی جبکہ آرمی چیف نے کہا ہے کہ پاکستان میں دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کیلئے کوئی جگہ نہیں، پاک فوج دہشت گردوں کی مالی اعانت کیخلاف سخت قانونی اقدامات میں مکمل تعاون کرے گی۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر، نشانِ امتیاز (ملٹری) کی زیر صدارت 268 ویں کور کمانڈر کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں شہداء کے ایصال وثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ شرکاء نے مادر وطن کے امن و استحکام کے لئے شہدائے افواج (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آذربائیجان کے صدر الہام علیوف رواں ماہ پاکستان کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) آذربائیجان کے صدر الہام علیوف 26 یا 27 اپریل کو پاکستان کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق آذری صدر کے دورے کے دوران موٹروے M-6، M-9 اور پیٹرولیم سیکٹر میں سرمایہ کاری (بقیہ نمبر 22)

بجلی مزید 1.71 روپے فی یونٹ سستی کرنے کی درخواست پر نیپرا میں سماعت

بجلی کی قیمت میں ممکنہ کمی ٹیرف سبسڈی میں اضافے کے ذریعے کی جائے گی، پاور ڈویژن حکام

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں بجلی کی قیمت میں مزید کمی کے لیے حکومت کی درخواست پر نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) میں باقاعدہ سماعت کا آغاز ہوگیا۔ نیپرا کے چیئرمین وسیم مختار کی سربراہی میں ہونے والی سماعت میں بجلی ایک روپے 71 پیسے فی یونٹ سستی کرنے کی درخواست پر سماعت کی جا رہی ہے۔ پاور ڈویژن کے حکام کے مطابق حکومت (بقیہ نمبر 23)

وزیراعظم کا میانمار کے سفارتخانے کا دورہ، انسانی جانوں کے نقصان پر اظہار افسوس

مشکل کی اس گھڑی میں میانمار کی ہر ممکن مدد کیلئے تیار ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے میانمار کے تباہ کن زلزلے میں قیمتی جانوں کے نقصان پر اظہار افسوس کیا ہے۔ جاری بیان کے مطابق جمعہ کو وزیراعظم شہباز شریف نے میانمار کے سفارت خانے کا دورہ کیا اور میانمار کے سفیر ونا بان سے ملاقات میں زلزلے کے نتیجے میں قیمتی جانی اور مالی نقصان پر اظہار ہمدردی اور یکجہتی کیا۔ اس موقع پر شہباز شریف نے کہا کہ میانمار میں حالیہ زلزلے کے نتیجے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی اور متاثرہ (بقیہ نمبر 12)

وزیراعظم کی رمضان ریلیف پیکیج ماڈل کو دیگر سرکاری سکیموں میں اپنانے کی ہدایت

رمضان ریلیف پیکیج کے دوران موصول شکایات کو آئندہ لائحہ عمل بناتے ہوئے مدنظر رکھا جائے، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے رمضان ریلیف پیکیج کیلئے استعمال ہونیوالے ادائیگی کے طریقہ کار کو دیگر سرکاری سکیموں میں بھی اختیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ رمضان ریلیف پیکیج کے دوران موصول شکایات کو آئندہ لائحہ عمل بناتے ہوئے مدنظر رکھا جائے۔ جاری بیان کے مطابق جمعہ کو وزیراعظم کی زیر صدارت (بقیہ نمبر 13)

مریم نواز کا دکانوں، چھوٹے اداروں کے ورکرز کی رجسٹریشن شروع کرنے کا حکم

چھوٹے اداروں میں کام کرنے والے ورکرز کو لیبر ڈیپارٹمنٹ میں رجسٹریشن کے بعد گرانٹس اور دیگر مالی فوائد ملیں گے، مریم نواز

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے صوبائی وزیر محنت فیصل ایوب کھوکھر کی ملاقات

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے صوبائی وزیر محنت فیصل ایوب کھوکھر کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات کے دوران وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے صوبائی وزیر محنت کو پنجاب میں دکانوں، ورکشاپوں اور چھوٹے اداروں میں کام کرنے والے ورکرز کی رجسٹریشن شروع کرنے کا حکم دے دیا۔ چھوٹے اداروں میں کام کرنے والے ورکرز کو لیبر ڈیپارٹمنٹ میں رجسٹریشن کے بعد گرانٹس اور دیگر مالی فوائد ملیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کم از کم اجرت کے فیصلے پر عملدرآمد نہ کرنے والے اداروں کے خلاف کریک ڈاؤن کا حکم بھی دے (بقیہ نمبر 1)

شہید بھٹو ایک عظیم مدبر اور عوام کے حقیقی نمائندے تھے، صدر مملکت

شہید ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کو پہلا متفقہ آئین دیا، ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھی، صدر آصف علی زرداری

شہید بھٹو نے ملک کی خارجہ پالیسی کو آزاد اور خودمختار تشخص دیا، پاکستان نے پہلی اسلامی سربراہی کانفرنس کی میزبانی کرکے مسلم امہ کے اتحاد کی راہ ہموار کی، برسی پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کی برسی پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان کے عظیم رہنما شہید ذوالفقار علی بھٹو کی برسی کے موقع پر ان کی خدمات، جدوجہد اور قربانیوں (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد: وفاقی وزرا میاں ریاض حسین پیرزادہ اور اعظم نذیر تارڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعظم کا صدر آصف زرداری سے ٹیلیفونک رابطہ، خیریت دریافت کی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے ٹیلی فونک رابطہ کرکے خیریت دریافت (بقیہ نمبر 25)

آئی ایم ایف سے ریلیف ناممکن تھا، وزیراعظم نے ہمت نہ ہاری، خواجہ آصف

نواز شریف کی رہنمائی، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر اور دوست ممالک کی بھرپور مدد شامل حال رہی، ایکس پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف سے ریلیف ناممکن تھا، وزیراعظم شہباز شریف نے ہمت نہ ہاری۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے پیغام میں خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ نواز شریف کی رہنمائی، آرمی چیف (بقیہ نمبر 14)

ہزاروں پاکستانیوں کے پرائیویٹ کوٹے سے حج سے محروم ہونے کا سخت نوٹس

انکوائری کے لیے تین رکنی کمیٹی قائم، وزیراعظم کا تین روز میں ذمہ داروں کا تعین کرنے کا بھی حکم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے رواں سال پرائیویٹ حج کوٹے میں کمی ہونے اور ہزاروں پاکستانیوں کے پرائیویٹ کوٹے سے حج سے محروم ہونے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے فوری انکوائری کا حکم دے دیا اور انکوائری کے لیے تین رکنی کمیٹی قائم کر کے تین روز میں ذمہ داروں کا تعین کرنے کا بھی حکم دے دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی طرف سے (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم کا شہید ذوالفقار علی بھٹو کو خراج عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کو ان کی 46 ویں برسی پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو پاکستان میں جمہوری اقدار کے علمبردار تھے۔ وزیراعظم نے کہا (بقیہ نمبر 2)

قاضی فائز عیسیٰ پر حملے کے الزام میں پاکستانیوں کے منسوخ کردہ شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بحال

لندن (سٹاف رپورٹر) سابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ پر لندن میں حملے کے الزام میں منسوخ کیے گئے تقریباً دو درجن پاکستانیوں کے شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بحال کر دیئے گئے۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے پی ٹی آئی سے تعلق رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائی روک دی ہے۔ مڈل ٹیمپل میں قاضی فائز عیسیٰ کی آمد پر احتجاج اور گاڑی کو روکنے کے واقعے کے بعد وزارت داخلہ نے سخت نوٹس لیا (بقیہ نمبر 4)

تجارتی جنگ میں شدت

چین نے امریکی مصنوعات پر 34 فیصد اضافی ٹیرف عائد کر دیا

چینی وزارت خزانہ نے بتایا کہ اضافی ٹیرف کا نفاذ 10 اپریل سے ہوگا، غیر ملکی میڈیا رپورٹ

ایکسپورٹ کنٹرول لسٹ میں 16 امریکی اداروں جبکہ 11 امریکی فرموں کو ناقابل اعتماد اداروں کی فہرست میں شامل کر لیا، چینی وزارت تجارت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چین نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے عائد کردہ ٹیرف کے خلاف متعدد جوابی اقدامات کا اعلان کر دیا، جس میں تمام امریکی اشیا پر 34 فیصد اضافی ٹیرف اور بعض نایاب معدنیات کی برآمدات پر پابندیاں شامل ہیں، جس کے نتیجے میں تجارتی جنگ میں مزید شدت آئی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے 'رائٹرز' کے مطابق چینی وزارت خزانہ نے بتایا کہ اضافی ٹیرف کا نفاذ 10 اپریل سے ہوگا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے امریکا کو درآمد کی جانے والی زیادہ تر اشیا پر 10 فیصد ٹیرف عائد کرنے کے ساتھ ساتھ درجنوں حریفوں اور اتحادیوں پر بھی بہت زیادہ محصولات عائد کرنے کے اقدام نے عالمی تجارتی جنگ کو تیز کر دیا تھا، جبکہ چین پر 20 فیصد (بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسحاق ڈار کا بلاول بھٹو کو ٹیلی فون، صدر مملکت آصف زرداری کی خیریت دریافت کی

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو فون کر کے صدر مملکت آصف علی زرداری کی خیریت دریافت کی۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے صدر مملکت کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

تاشقند: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کا ازبکستان کی اولی مجلس کی سینیٹ کے چیئرپرسن ایچ ای سے ملاقات کے موقع پر فوٹو

بجلی قیمتوں میں کمی، امیر مقام کا نواز شریف، شہباز شریف کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام نے بجلی قیمتوں میں کمی پر لیگی صدر نواز شریف اور وزیراعظم کو خراج تحسین جبکہ عوام کو مبارکباد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک سال میں شہباز شریف نے ناممکن کو ممکن کر دکھایا ہے۔ جاری بیان میں امیر مقام نے کہا کہ سٹاک ایکسچینج کے شیئرز میں 1800 پوائنٹ کا تاریخی اضافہ وزیراعظم کی معاشی پالیسیوں پر کاروباری برادری کے اعتماد کا ایک اور ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے چار سال ملک میں (بقیہ نمبر 15)

پشاور، افغان مہاجرین کی واپسی، کاروبار سمیٹنے کا عمل شروع

پشاور (این این آئی) حکومت کی جانب سے غیر ملکی تارکین وطن کی وطن واپسی کی ڈیڈ لائن گزرنے کے بعد خیبر پختونخوا میں افغان مہاجرین نے اپنے کاروبار سمیٹنا شروع کر دیئے۔ ذرائع کے مطابق پشاور کے تجارتی مراکز میں افغانیوں نے دکانیں اور دفاتر بند کر دیئے ہیں جبکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے افغان مہاجرین کی واپسی کیلئے کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ نادرا کے تحت قومی تجدید و تصدیق مہم میں درجنوں افغان باشندوں کے پاکستانی شناختی کارڈ (بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے امریکی ناظم الامور ملاقات کر رہی ہیں

شہباز شریف کی کاوشوں سے ملک درست سمت پر گامزن ہو چکا، نواز شریف

مہنگائی میں مسلسل کمی مسلم لیگ (ن) کی ہی بہترین معاشی پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، بجلی سستی کرنے سے نہ صرف عوام کو ریلیف ملے گا بلکہ ایکسپورٹ بھی بڑھے گی، صدر مسلم لیگ (ن)

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے دور میں ہی ہمیشہ عوام کو معاشی ریلیف ملتا ہے، بجلی سستی کرنے سے ملک میں ترقی کی راہیں کھل رہی ہیں، نوجوانوں کو روزگار ملے گا، نواز شریف

لاہور (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیراعظم محمد نواز شریف نے بجلی کے نرخ میں ریکارڈ کمی پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی سستی کرنے سے نہ صرف عوام کو ریلیف ملے گا بلکہ ایکسپورٹ بھی بڑھے گی، ملک میں ترقی کی راہیں کھل رہی ہیں، نوجوانوں کو روزگار ملے گا۔ انہوں نے گھریلو اور صنعتی صارفین کے لئے بجلی کے نرخ کم کرنے پر وزیراعظم کی ٹیم کو بھی سراہا۔ نواز شریف نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی کاوشوں سے ملک درست سمت پر گامزن ہو چکا ہے، اب بجلی سستی کرنے سے (بقیہ نمبر 5)

وزیراعظم کی اعلان کردہ بجلی کی قیمت میں کمی معاشی صورتحال سے مشروط

جب تک ملک کی معاشی صورتحال بہتر رہی یہ ریلیف ملتا رہے گا، پاور ڈویژن

لاہور (این این آئی) پاور ڈویژن حکام کے مطابق وزیراعظم کی اعلان کردہ بجلی کی قیمت میں کمی معاشی صورتحال سے مشروط ہے۔ نیپرا نے بجلی ایک روپے 71 پیسے فی یونٹ سستی کرنے کی حکومتی درخواست پر سماعت مکمل کر لی ہے۔ پاور ڈویژن حکام نے اتھارٹی کو بتایا کہ وزیراعظم کی جانب سے اعلان کردہ بجلی نرخوں میں کمی ملک کے معاشی حالات سے مشروط ہے۔ (بقیہ نمبر 6)

9 مئی مقدمات، ملزمان کی ضمانتوں کیخلاف درخواستیں سماعت کیلئے مقرر

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ پنجاب حکومت کی اپیلوں پر سماعت کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) سانحہ 9 مئی سے متعلق مقدمات میں ملزمان کی ضمانتوں کے خلاف درخواستیں سماعت کے لیے مقرر کر لی گئیں۔ سپریم کورٹ نے سانحہ 9 کے ملزمان کی ضمانتیں منسوخ کرنے کے لیے دائر مقدمات سماعت کے لیے مقرر کر دیے۔ اس سلسلے میں جی ایچ کیو حملہ کیس کے ملزمان کی ضمانتوں کیخلاف پنجاب حکومت کی اپیلوں پر سماعت (بقیہ نمبر 8)

پنجاب حکومت نے کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کی منظوری دے دی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب حکومت نے کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (سی سی ڈی) کی منظوری دے دی، ایڈیشنل آئی جی سہیل ظفر چٹھہ کو سربراہ مقرر کر دیا گیا۔ پنجاب حکومت نے سی سی ڈی ڈیپارٹمنٹ کی منظوری کا (بقیہ نمبر 7)

دنیا کے طاقتور ترین پاسپورٹ میں آئرلینڈ نمبر ون، پاکستان کا 195 نمبر

نیویارک (محمد علی/ مانیٹرنگ ڈیسک) پاسپورٹ کی طاقت کا اندازہ لگانے والی نوماڈ کیپیٹلسٹ 2025 کی نئی درجہ بندی میں آئرلینڈ دنیا کے سب سے طاقتور پاسپورٹ کا اعزاز حاصل کرنے میں کامیاب رہا۔ اس درجہ بندی میں ویزا فری سفر، شہریوں پر ٹیکس، (بقیہ نمبر 9)

عبدالعلیم خان کی بیلاروس کے وزراء سے ملاقاتیں، ٹریکٹر پلانٹ کا دورہ

منسک (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے دورہ بیلاروس میں وزیر ٹرانسپورٹ و مواصلات الیگزی لینخووچ سے ملاقات میں دو طرفہ تعاون اور اہم اقتصادی و تجارتی امور پر تبادلہ خیال کیا جس میں زور دیا گیا کہ دونوں ممالک کے مابین زمینی رابطوں پر پہلے سے جاری معاملات میں پیشرفت (بقیہ نمبر 10)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی محمد صادق سنجرانی ملاقات کر رہے ہیں

چیئرمین سینیٹ کا ذوالفقار علی بھٹو کی برسی پر خراجِ عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پاکستان کے عظیم عوامی رہنما، بانی جمہوریت اور عوام کے حقوق کے محافظ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی برسی کے موقع پر انہیں زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو ایک عہد ساز شخصیت تھے، جنہوں نے پاکستان میں جمہوریت (بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: وفاقی پارلیمانی سیکرٹری بیرسٹر دانیال چوہدری اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شہریوں کی بنیادی سہولیات تک رسائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، بیرسٹر دانیال چودھری

بجلی قیمتوں میں کمی عوام کو مہنگائی کے بوجھ سے نجات دلانے، صنعتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کیلئے اہم ہے

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری دانیال چودھری نے کہا ہے کہ شہریوں کی بنیادی سہولیات تک رسائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، بجلی قیمتوں میں کمی عوام کو مہنگائی کے بوجھ سے نجات دلانے، صنعتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کیلئے اہم ہے، نوجوانوں کیلئے ہنرمندی کے پروگراموں کا اجرا، چھوٹے کاروباروں کو قرضوں کی فراہمی، صحت شعبے میں جدید سہولیات کی تعمیر کے منصوبوں پر کام زور و شور سے جاری ہے۔ جمعہ کو صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے راولپنڈی کمشنر آفس میں ترقیاتی منصوبوں اور عوامی مسائل کے حل کیلئے ہونے والی ایک اہم میٹنگ کی (بقیہ نمبر 18)

پنجاب میں عوام کا بی ایل اے کی لسانی بنیادوں پر دہشتگردی کیخلاف احتجاج

مظاہرین کا مہرنگ لانگو اور اختر مینگل کو کیفر کردار تک پہنچانے کا مطالبہ

ملتان، بہاولپور، گجرانوالہ (این این آئی) پنجاب کے مختلف اضلاع میں عوام نے بی ایل اے کی لسانی بنیادوں پر دہشت گردی کے خلاف احتجاج کیا۔ بلوچستان میں بی ایل اے کی حالیہ دہشت گردی اور مہرنگ لانگو سمیت اختر مینگل کی مجرمانہ خاموشی پر بہاولپور کی عوام سڑکوں پر نکل آئی۔ گجرانوالہ میں عوام مہرنگ لانگو اور اختر مینگل کی منافقت کے خلاف کھل کر بول پڑے، نفرت پھیلانے اور پاکستان کے اتحاد کو کمزور کرنے کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کر دیا۔ ہارون آباد میں عوام بلوچستان میں دہشت گرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف (بقیہ نمبر 19)

علی امین گنڈاپور کا افغان مہاجرین کو زبردستی نہ نکالنے کا اعلان

این ایف سی اجلاس نہ بلایا گیا تو صوبے کے عوام، پولیس، سرکاری ملازمین کو لے کر نکلوں گا، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

وفاقی حکومت کے بیانات خطرناک ہیں، افغانستان میں جب تک امن نہیں ہوگا پورے خطے میں امن نہیں ہو سکتا، پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے صوبے سے افغان مہاجرین کو زبردستی نہ نکالنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں جاری دہشت گردی کا واحد حل مذاکرات ہیں، این ایف سی اجلاس نہ بلایا گیا تو صوبے کے عوام، پولیس اور سرکاری ملازمین کو لے کر نکلوں گا، وفاقی حکومت کے بیانات خطرناک ہیں، افغانستان میں جب تک امن نہیں (بقیہ نمبر 27)

افغان سٹیزن کارڈ کے حامل افراد کی گرفتاریاں شروع، 50 مہاجرین کیمپ منتقل

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) راولپنڈی میں افغان شہریوں کے خلاف کارروائی تیز، افغان سٹیزن کارڈ کے حامل افراد کی گرفتاریاں شروع ہو گئیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق 50 سے زائد افغان شہریوں کو تحویل میں لے کر کیمپ منتقل کر دیا گیا، راولپنڈی پولیس کا مختلف علاقوں میں آپریشن جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 28)

وفاقی وزیر پٹرولیم سے امریکی ناظم الامور نیتالی بیکر کی ملاقات

دوطرفہ توانائی تعاون، پائیدار ترقی، پاک امریکہ تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ پاکستان امریکہ کے ساتھ اپنے اسٹریٹجک تعلقات کو اہمیت دیتا ہے، چاہتا ہے تعلقات ڈویلپمنٹ پارٹنرز کے طور پر استوار ہوں، ہم تیل، گیس اور قابل تجدید توانائی کے شعبوں میں مشترکہ منصوبوں کو تلاش کرنے کے خواہاں ہیں تاکہ پائیدار ترقی اور عوام کے لیے سستی توانائی کو یقینی بنایا جا سکے۔ جمعہ کو وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک سے پاکستان میں امریکی ناظم الامور نیتالی بیکر نے (بقیہ نمبر 29)

بجلی کی قیمتوں میں کمی کا بڑا ریلیف عام لوگوں کو پہنچا ہے، حمزہ شہباز

وزیراعظم شہباز شریف، نواز شریف اور (ن) لیگ کا ایک اور وعدہ تکمیل کی طرف گامزن ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر و سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے کہا ہے کہ بجلی قیمتوں میں کمی کا سب سے بڑا ریلیف عام لوگوں کو پہنچا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف، نواز شریف اور (ن) لیگ کا ایک اور وعدہ تکمیل کی طرف گامزن ہے، معیشت کی بحالی اور عوام کو ریلیف کی فراہمی کے وعدے پر امید سحر کی کرن پڑ رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ بجلی کی قیمتوں میں 7 روپے سے زائد کی بڑی کمی (بقیہ نمبر 30)

لاہور: وفاقی وزیر برائے آبی وسائل میاں محمد معین وٹو سے واپڈا ہاؤس لاہور میں افسران ملاقات کر رہے ہیں

ادب کو نظر انداز کرنے والے کا انجام۔۔۔ شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری

شیخ شہاب الدین سہروردی 'عوارف المعارف' میں بیان کرتے ہیں:

حضرت عبد اللہ بن المبارک نے فرمایا ہے: خدمت بجالاتے ہوئے حُسنِ ادب کو ملحوظِ خاطر رکھنا خود خدمت سے زیادہ بیش قیمت اور مفید ہے۔

شیخ شہاب الدین سہروردی 'عوارف المعارف' میں بیان کرتے ہیں:

حضرت عبداللہ بن مبارک نے فرمایا ہے:

(1) جو کوئی ادب کو نظر انداز کرتا ہے، سزا کے طور پر سنت (کی پیروی کی سعادتِ عظمیٰ) سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

(2) اور جو سنت کو نظر انداز کرتا ہے، وہ (در حقیقت) فرائض کی ادائیگی کی نعمت سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

(3) اور جو کوئی فرائض کو نظر انداز کرتا ہے، وہ معرفتِ حق (کی بیش بہا دولت) سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

ابن جماعہ الکنانی 'تذکرۃ السامع والمتکلم فی أدب العالم والمتعلم' میں بیان فرماتے ہیں:

امام سفیان بن عیینہ (متوفی 198 ہجری) فرماتے ہیں: حضور نبی اکرم ﷺ (کا اسوہ حسنہ اور ذات ستودہ صفات ہی ہمارے لیے واحد اور) سب سے بڑا پیمانہ اور کسوٹی ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ کے خلقِ عظیم، سیرتِ طیبہ اور پاکیزہ کردار پر اُمور کو پرکھا جاتا ہے۔ جو اس پیمانے پر پورا اترے وہی حق ہے اور جو اس سے ہٹ گیا وہ باطل ہے۔

امام قشیری، ابو سعد نیشاپوری اور ابن ابی بکر الرازی بیان کرتے ہیں:

امام ابن سیرین سے پوچھا گیا: کون سا برتاؤ اور سلوک بندے کو اللہ ﷻ کے زیادہ قریب لاتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ کی صفتِ ربوبیت کی معرفت، اللہ تعالیٰ کی اطاعت و فرمانبرداری اور بھلے وقتوں میں اللہ ﷻ کی حمد وثناء اور مصائب پر صبر۔

ابو سعد نیشاپوری 'تہذیب الاسرار' میں نقل کرتے ہیں:

امام سفیان الثوری سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا: حسنِ ادب اللہ ﷻ کے غیظ وغضب کو بجھاتا ہے۔

علامہ ابن ابی الدنیا بیان کرتے ہیں:

حضرت سفیان الثوری فرماتے ہیں: یہ والد پر بچے کا حق ہے کہ وہ اُسے حُسنِ ادب سے مزین کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھے۔

امام ابو نعیم نے بیان کیا ہے:

امام سفیان ثوری فرماتے ہیں: جب کوئی حدیث کو لکھنے (اور تعلیم دینے) کا ارادہ کرے تو اسے اولین مرحلے پر بیس سال تک حسنِ ادب سیکھنا چاہیے اور اللہ ﷻ کی خوب عبادت کرنی چاہیے۔

امام بیہقی اور ابن جماعہ الکنانی نے بیان کیا ہے:

امام شافعی (متوفی 204 ہجری) سے سوال کیا گیا: آپ کی حسنِ ادب کے بارے میں کیا خواہش ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جب میں حسنِ ادب کے حوالے سے ایک حرف بھی سنتا ہوں جو میں نے پہلے نہ سنا ہو تو اس کے لطف وسرور کے باعث، میں ہمہ تن گوش بن جاتا ہوں۔ ان سے پوچھا گیا: آپ کی اس کے بارے میں تلاش (وجستجو) کیسی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: بالکل اسی ماں کی جستجو کی مثل، جس کا فقط ایک ہی بچہ ہو اور وہ گم ہو جائے۔

امام شعرانی 'الانوار القدسیہ' میں لکھتے ہیں:

امام شافعی (متوفی 204 ہجری) فرمایا کرتے تھے کہ امام مالک (متوفی 179 ہجری) نے مجھ سے فرمایا: اے محمد! اپنے علم کو نمک کے برابر اور اپنے حسنِ ادب کو آٹے کے برابر رکھو۔

شیخ شہاب الدین سہروردی 'عوارف المعارف' میں لکھتے ہیں:

ابو عبد اللہ بن خفیف بیان کرتے ہیں کہ امام رُویم نے مجھ سے فرمایا: اے میرے بیٹے! اپنے اعمال کو نمک کے برابر جب کہ اپنے حسنِ ادب کو آٹے کے برابر رکھو۔ (تمہارے اعمال کی بہ نسبت حسنِ ادب کہیں زیادہ ہونا چاہیے۔)

امام قشیری، ابو سعد نیشاپوری، شیخ شہاب الدین سہروردی، ابن القیم اور شعرانی روایت کرتے ہیں: امام ابو الحسین النوری (متوفی 295 ہجری) فرمایا کرتے تھے: جو کوئی بھی وقت کو منظم کرنے میں کاہلی کا ثبوت دیتا ہے، (یعنی وقت ضائع کرتا ہے اور وقت کے معاملے میں حسنِ ادب کا مظاہرہ نہیں کرتا)، وہ (اربابِ بصیرت ومعرفت کی نگاہوں میں) ذلیل وحقیر جانا جاتا ہے۔

شیخ شہاب الدین سہروردی 'عوارف المعارف' میں لکھتے ہیں:

علامہ ابو حفص الحداد (متوفی 264ھ) نے فرمایا ہے: پورے تصوف کی 'روح' حسنِ ادب ہے، جس میں ہر لمحہ کے لیے ایک ضابطۂ اخلاق، ہر حالت کے لیے قانونی ضابطہ اور ہر مقام کے لیے ایک قاعدہ مقرر ہے۔ ہر شخص جو وقت کے ساتھ حسنِ ادب کی پابندی کرتا ہے وہ جواں مردی کے مرتبے پر فائز ہو جاتا ہے۔ ہر وہ شخص جو حسنِ ادب سے محروم ہو جائے وہ جس کو قربت سمجھتا ہے درحقیقت وہ بُعد اور دوری ہے، اور جس (عمل) کو وہ شرف (قبولیت) سے ہم کنار سمجھتا ہے وہ دھتکار دیا جاتا ہے۔

اختلاف کی انتہائی صورت 'شقاق' کا مفہوم۔۔۔ ڈاکٹر حسن محی الدین قادری

مسلمانوں کے باہمی انتشار وخلفشار اور تنازعات کی بنا پر اختلاف اس حد تک بڑھا کہ مسلمان ایک دوسرے کی جان کے درپے ہو گئے۔ حتیٰ کہ مخالف کو زیر کرنے اور اس پر غلبہ پانے کے لیے خود اسلام کے دعویداروں نے دشمنانِ اسلام و معاندینِ مذہب سے مدد حاصل کرنے میں بھی کوئی عار محسوس نہیں کیا۔

سلف صالحین کے درمیان بھی اختلاف تھا لیکن ان کا یہ اختلاف رائے افتراق وانتشار میں تبدیل نہیں ہوا اور نہ ان کے دلوں کے اتحاد واتفاق میں کوئی چیز رخنہ انداز ہوسکی۔ لیکن آج ہمارے قلب و روح باہمی انتشار وخلفشار کی بنا پر دوریوں کا شکار ہیں۔ ہم اختلاف کے آداب اور اصولوں سے یا تو یکسر ناواقف ہیں یا اپنی انا اور تعصب کی وجہ سے انہیں نظر انداز کرتے ہیں۔

یاد رہے کہ کسی کے اقوال یا اس کی باتوں سے کوئی الگ راستہ اختیار کرنے کو اختلاف اور مخالفت کہتے ہیں۔ جب کسی بات کا اختلاف تنازع کی شکل اختیار کرلے تو اسے منازعہ اور مجادلہ کہا جاتا ہے۔ قرآن مجید میں مختلف مقامات پر اللہ ﷻ ارشاد فرماتا ہے:

پھر ان کے فرقے آپس میں اختلاف کرنے لگے۔ [مریم، 19/ 37]

اور (اب) یہ لوگ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے۔ [ھود، 11/ 118]

بے شک تم مختلف بے جوڑ باتوں میں (پڑے) ہو۔ [الذاریات، 51/ 8]

بے شک آپ کا رب ان کے درمیان قیامت کے دن ان امور کا فیصلہ فرما دے گا جن میں وہ اختلاف کرتے تھے۔ [یونس، 10/ 93]

ان آیات کی روشنی میں اختلاف کا مطلب ہوگا کہ ہر دو جہات، رائے، حالت، ہیئت اور موقف جس میں مغایرت ہو۔ ڈاکٹر طہٰ العلوانی لکھتے ہیں:

اہل اختصاص کے ہاں 'علم الخلاف' کی تعریف یہ ہے کہ یہ ایک ایسا علم ہے جو ان اشیاء کو جنہیں ائمہ میں سے کسی امام نے مستنبط کیا ہوتا ہے کو محفوظ کرنے اور ان اشیاء کو جس کی اس نے مخالفت کی ہوتی ہے بغیر کسی مخصوص دلیل کی طرف نسبت کے انہیں باطل ٹھہرانے پر قادر بناتا ہے۔ کیونکہ اگر وہ کوئی مستند دلیل پیش کر کے اس سے استدلال کرے تو وہ اُصولی اور مجتہدانہ حیثیت کا حامل ہو جائے گا۔ خلافی شخص فقہی دلائل اور اس کے احوال کا محقق نہیں ہوا کرتا بلکہ وہ اپنے امام کی بات پر مضبوطی سے قائم رہ کر اس مسئلہ میں اجمالی طور پر اتنا ہی جانتا ہے کہ اس کے امام نے یہی رائے دی اور یہی حکم لگایا ہے۔ اس کے نزدیک اثباتِ حکم کے لیے بس اتنا ہی کافی ہے اور اس کے امام کا کسی دوسرے نتیجہ تک پہنچنا بھی اس کے حکمِ مخالف کی نفی کے لیے کافی ہے۔

آدابِ اختلاف

اختلاف کی انتہائی صورت 'شقاق' کا مفہوم

جب باہمی اختلاف وتنازع شدت اختیار کر جائے فریقین میں سے ہر کوئی طلبِ حق وصواب کے بجائے ایک دوسرے پر محض غلبہ حاصل کرنا چاہے اور ان کے درمیان افہام وتفہیم یا اتفاق پیدا ہونا مشکل ہو جائے تو ایسی حالت کو شقاق کا نام دیا جاتا ہے۔ قرآن حکیم کی درج ذیل آیت کریمہ نے اس تصور کو واضح کیا ہے:

اور اگر تمہیں ان دونوں (زوجین) کے درمیان مخالفت کا اندیشہ ہو۔

ڈاکٹر طہٰ العلوانی لکھتے ہیں: [النساء، 4/ 35]

دو بحث ومباحثہ کرنے والوں کے درمیان الفاظ کی جنگ اتنی شدید ہو جائے کہ اظہارِ حق وصواب کی بجائے ہر فریق ایک دوسرے پر محض غلبہ حاصل کرنا چاہے اور ان کے درمیان افہام وتفہیم یا اتفاق پیدا ہونا مشکل ہو جائے تو ایسی حالت کو 'شقاق' کا نام دیا جاتا ہے۔

یعنی شقاق سے مراد اس قدر سخت اختلاف ہے کہ جس کے بعد ایسا نزاع پیدا ہو جائے کہ وہ ایک دوسرے کے مخالف ہو جائیں۔ جیسا کہ قرآن کریم میں ہے:

تو وہ محض مخالفت میں ہیں۔ [البقرۃ، 2/ 137]

اختلاف کی ایک تقسیم: اختلاف مقبول ومردود

اللہ ﷻ نے انسان کی تخلیق فرمائی تو اسے مختلف رنگ ونسل میں تقسیم فرما کر پہچان دی۔ اسی طرح عقل وشعور اور صلاحیتوں میں یہ اختلاف بھی مشیتِ خداوندی ہے۔ اسی وجہ سے کسی ایک مسئلہ میں بھی متعدد اقوال اور آراء و احکام ملتے ہیں۔ رنگ، زبان اور مظاہرِ تخلیق کے اختلافات کی طرح علمی وفکری اختلافات بھی اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کی نشانیاں ہیں۔ زندگی کا حسن اسی اختلافات رنگ وزبان اور علم و دانش سے قائم ہے۔ اگر سارے انسان ایک ہی رنگ وزبان اور علم ودانش کے حامل ہوتے تو زندگی کی خوبصورتی اور رعنائی قائم نہ ہوتی۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

اور اگر آپ کا رب چاہتا تو تمام لوگوں کو ایک ہی امت بنا دیتا (مگر اس نے جبراً ایسا نہیں کیا بلکہ سب کو مذہب کے اختیار کرنے میں آزادی دی) اور (اب) یہ لوگ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے سوائے اس شخص کے جس پر آپ کا رب رحم فرمائے، اور اسی لیے اس نے انہیں پیدا فرمایا ہے، اور آپ کے رب کا فرمان پورا ہو چکا ہے کہ میں دوزخ کو جنوں اور انسانوں میں سے سب (اہلِ باطل) سے ضرور بھر دوں گا۔ [ھود، 11/ 118-119]

پتہ چلا کہ اختلافات کا واقع ہونا مشیتِ ایزدی کے مطابق ہے۔ احکام ومسائل میں ائمہ امت کے درمیان اختلافات ہوئے اور ہوتے رہیں گے۔ شرط یہ ہے اختلافات آداب واصول کے مطابق ہوں تا کہ امت کے لیے باعث خیر بنیں۔

Editorial ایڈیٹوریل

عوام کو ریلیف دینے کیلئے مزید اقدامات کی ضرورت ہے

وزیراعظم نے عوام کو بڑا ریلیف دیتے ہوئے گھریلو صارفین کیلئے بجلی کی قیمتوں میں 7 روپے 41 پیسے فی یونٹ کی جبکہ صنعتی صارفین کیلئے بجلی 7 روپے 59 پیسے فی یونٹ سستی کر دی۔ بجلی کے نرخوں میں کمی کے حکومتی پیکیج کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم کا کہنا تھا کہ جون 2024 میں گھریلو صارفین کیلئے بجلی کی قیمت 48 روپے 70 پیسے تھی وہ اس وقت 45 روپے 5 پیسے فی یونٹ ہے، آج گھریلو صارفین کیلئے مزید 7 روپے 41 پیسے فی یونٹ کمی کر رہے ہیں، گھریلو صارفین کو 34 روپے 37 پیسے فی یونٹ بجلی ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ صنعتوں کیلئے بجلی کی قیمت فی یونٹ 58 روپے 50 پیسے تھی، سب کی کاوشوں سے وہ قیمت 48 روپے 19 پیسے ہو چکی ہے، آج اس میں مزید 7 روپے 59 پیسے کمی کا اعلان کر رہا ہوں، جس کے بعد صنعتی صارفین کیلئے فی یونٹ 40 روپے 60 پیسے ہو گیا ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ سالانہ 600 ارب روپے کی بجلی چوری ہوتی ہے، بجلی کی چوری روک لی تو مزید سستی کریں گے، ڈسکوز کو فوری طور پر پرائیوٹائز کریں گے، اس کے علاوہ ہمارے پاس کوئی چارہ نہیں۔ تقریب کے آغاز پر وزیراعظم نے تقریب کے شرکاء اور قوم کو عید کی مبارکباد پیش کی اور کہا آج عید کے موقع کی مناسبت سے پاکستان کی معاشی ترقی واستحکام کیلئے ایک ادنیٰ سے خوش خبری سنانے کیلئے آیا ہوں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم آج اللہ پاک کے شکرگزار ہیں کہ وہ وعدہ پورا ہوا، جس میں ہم نے اپنے منشور میں کہا تھا کہ اگر مسلم لیگ ن کو موقع دیا تو رفتہ رفتہ معیشت کی صورت حال بہتر ہوگی اور بجلی کی قیمتیں کم کریں گے، معاشی میدان میں کامیابیوں کا سلسلہ آگے بڑھ رہا ہے، آگے بڑھتے ہوئے ماضی پر نظر ڈالنا بھی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے پرخطر راستے پر چیلنجز کا محنت سے مقابلہ کیا، حکومت سنبھالی تو کمزور معیشت اور ملک ڈیفالٹ ہونے کا خطرہ منڈلا رہا تھا جس کا ہم نے مقابلہ کیا، یقین مانیں کہ آئی ایم ایف بات سننے کو تیار نہیں تھا، پاکستان کو ڈیفالٹ تک پہنچانے والے خوشی کے شادیانے بجا رہے تھے، انتشاری ٹولے کا پختہ یقین تھا کہ ملک دیوالیہ ہو جائے گا، اس ٹولے نے ملکی مفادات کو نقصان پہنچانے کیلئے تمام حدیں پار کیں۔ ان کا کہنا تھا کہ معیشت کے استحکام کیلئے کاوشوں کی راہ میں ان عناصر نے بھاری رکاوٹیں کھڑی کیں، ذاتی مفاد اور سیاست کیلئے اس ٹولے نے ریاست کے ساتھ کھلواڑ کیا، آئی ایم ایف پروگرام میں رکاوٹیں ڈالنے کی بھی کوششیں کی گئیں، اللہ کے فضل سے محنت رنگ لائی اور ملک دیوالیہ ہونے سے بچ گیا۔ منشور میں کیے گئے وعدے کو پورا کرنے کا وقت آگیا ہے، الحمدللہ! معیشت میں بنیادی استحکام آچکا ہے، اقتصادی استحکام کیلئے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کا بھرپور تعاون حاصل رہا، مائیکرو اکنامک اشاریے بہتر ہو چکے ہیں، اس حقیقت کا ادراک ہے کہ مہنگی بجلی سے عوام متاثر ہوئے، مہنگی بجلی کی وجہ سے معاشی سرگرمیاں بھی متاثر ہوئیں۔ ملک کی خاطر عام آدمی کی قربانیوں کا مکمل احساس رکھتے ہیں، ملک کو پسماندگی کی طرف دھکیلنے والے مسائل کو حل کرنا ہے، مسائل کے حل کیلئے سرجری کرنی ہے، مہنگی بجلی کی وجہ سے معاشی سرگرمیاں بھی متاثر ہوئیں، مشکل فیصلوں اور سخت محنت سے اپنی منزل حاصل کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اللہ کے فضل و کرم سے مہنگائی سنگل ڈیجٹ پر آچکی ہے، ایک سال کے دوران پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 38 روپے فی لٹر کمی ہوئی، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں پورے خطے میں سب سے کم ہیں، پالیسی ریٹ 12 فیصد پر آگیا ہے، نجکاری اور رائٹ سائزنگ معاشی اصلاحات کی کڑی ہیں۔ سرکاری اداروں کے نقصانات کی وجہ سے 800 ارب روپے سالانہ خزانے پر بوجھ پڑتا ہے، معاشی اصلاحات اور اداروں کو منافع بخش بنانے کیلئے سب کو مل کر سوچنا ہے، نئی صبح کا سورج طلوع ہوا چاہتا ہے، ٹیکس محاصل میں 35 فیصد اضافے کا ہدف ہے، پائیدار ترقی کیلئے اپنے محاصل میں اضافہ ضروری ہے، زرعی شعبے میں ترقی کی بہت استعداد موجود ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام شعبوں کی ترقی میں مہنگی بجلی ایک رکاوٹ ہے، ترقیاتی عمل آگے بڑھانے کیلئے بجلی قیمتوں میں کمی ناگزیر ہے، بجلی کی قیمتوں میں کمی کیلئے ٹاسک فورس کی کاوشیں قابل ستائش ہیں، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں برقرار رکھتے ہوئے بجلی کے شعبے میں فائدہ منتقل کرنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے کی تمام شقوں پر عملدرآمد کیلئے پرعزم ہیں، قیمتوں میں کمی کیلئے آئی پی پیز کے ساتھ بھی مذاکرات کئے، کامیاب مذاکرات کی بدولت مجموعی طور پر 3696 ارب روپے کا ریلیف ملا۔ بجلی کے شعبے کا گردشی قرضہ 2393 ارب روپے ہے، گردشی قرضے کے مسئلے کا مستقل حل تلاش کرلیا ہے، آئندہ پانچ سال میں گردشی قرضہ بتدریج ختم ہو جائے گا، سرکاری پیداواری پلانٹس کے نقصانات پر بھی توجہ دی گئی۔

دیوار پر آتی دراڑیں

ایک دن ایک گاؤں میں ایک بڑھئی نے دیکھا کہ اس کے گھر کی دیوار میں ایک معمولی سی دراڑ آگئی ہے۔ اس نے سوچا کہ یہ کوئی بڑی بات نہیں، ابھی یہ دیوار سلامت ہے، بعد میں مرمت کر لی جائے گی۔ دن گزرتے گئے، دراڑ تھوڑی اور پھیل گئی، لیکن بڑھئی اپنے روزمرہ کے کاموں میں مصروف رہا اور نظرانداز کرتا رہا۔

ایک دن اس کے دوست نے کہا "یہ دراڑ بڑی ہو رہی ہے، اسے جلدی ٹھیک کر لو" بڑھئی نے ہنستے ہوئے کہا "یہ میرا مسئلہ نہیں، یہ ابھی اتنی خطرناک نہیں۔" پڑوسی نے بھی یہی مشورہ دیا، لیکن بڑھئی نے سننے سے انکار کر دیا۔

کچھ ہی مہینے بعد شدید طوفان آیا، اور وہی دراڑ جو ایک چھوٹی سی لکیر تھی، اب اتنی بڑی ہو چکی تھی کہ پوری دیوار گر گئی، اور گھر تباہ ہو گیا۔ بڑھئی کو اب احساس ہوا کہ اگر اس نے پہلے ہی اس دراڑ کو بھر دیا ہوتا، تو آج اسے اپنا نقصان نہ اٹھانا پڑتا۔ لیکن اب وقت ہاتھ سے نکل چکا تھا۔

یہ صرف ایک مکان کی کہانی نہیں، بلکہ ہماری پوری سوسائٹی کا المیہ ہے۔ جب بھی کسی پر ظلم ہوتا ہے، کوئی ناانصافی ہوتی ہے، تو ہم یہی کہتے ہیں کہ "یہ میرا مسئلہ نہیں۔" ہم اس بات کو بھول جاتے ہیں کہ اگر ہم آج کسی اور کے حق کے لیے نہ کھڑے ہوئے، تو کل ہماری باری بھی آسکتی ہے۔

ایک بات
akbaat145@gmail.com

آج ہم معاشرتی بے حسی کے ایک ایسے دور میں داخل ہو چکے ہیں جہاں ہمیں دوسروں کے مسائل سے کوئی غرض نہیں۔ اگر کوئی بھوکا ہے، کوئی بے گھر ہے، کسی پر ظلم ہو رہا ہے، تو ہم صرف تماشائی بن کر رہ جاتے ہیں۔ محلے میں اگر کوئی مظلوم ہے، تو ہم خاموش رہتے ہیں۔ اگر کسی کی عزت پامال ہو رہی ہے، تو ہم منہ موڑ لیتے ہیں۔ لیکن جب یہی سب ہمارے ساتھ ہوتا ہے، تب ہمیں احساس ہوتا ہے کہ ہم بھی اسی دیوار کے گرنے کا انتظار کر رہے تھے۔

یہی بے حسی مسلم ریاستوں کے حالات میں بھی دکھائی دیتی ہے۔ کشمیر میں ظلم ہوتا رہا، فلسطین میں معصوم بچوں کو مارا جاتا رہا، شام، یمن، افغانستان، برما، لیبیا جیسے ممالک میں خون بہتا رہا، مگر مسلم دنیا نے اپنی بے حسی کی دیوار کو گرنے سے نہ روکا۔ ہر ملک اپنے مفاد میں مگن رہا، ہر قوم نے کہا کہ "یہ ہمارا مسئلہ نہیں۔" لیکن آج جب حالات سب کے سامنے آ رہے ہیں، تو ہمیں معلوم ہو رہا ہے کہ یہ ظلم کا طوفان صرف کسی ایک دروازے پر نہیں رکنے والا، بلکہ یہ سب کچھ بہا کر لے جائے گا۔

خاص طور پر اس عید پر فلسطین اور غزہ کی سرزمین، جہاں خوشیوں کے بجائے خون کے آنسو بہائے جا رہے ہیں، جہاں بچوں کی ہنسی کی جگہ ان کی چیخیں سنائی دیتی ہیں، جہاں ہر گلی، ہر کوچہ ایک نوحہ بن چکا ہے، لیکن دنیا خاموش ہے۔ یہ وہی امت مسلمہ ہے جسے ایک جسم کی مانند ہونا تھا، جہاں ایک عضو کو تکلیف ہو تو پورا جسم تڑپ اٹھے، لیکن آج فلسطین میں بہنے والا خون صرف وہاں کی زمین کو رنگین کر رہا ہے، باقی امت مسلمہ کی آنکھیں، دل اور ضمیر سو چکے ہیں۔

مسلمانوں کو جوڑنے والی رسی کمزور ہو چکی ہے، ہم قوموں، فرقوں اور مفادات میں بٹ چکے ہیں۔ ہم نے اپنی تاریخ بھلا دی، اپنی میراث چھوڑ دی، اور نتیجہ یہ نکلا کہ آج جب ہم پر ظلم ہو رہا ہے تو کوئی آواز اٹھانے والا نہیں۔ ہم سوچتے ہیں کہ یہ میرا مسئلہ نہیں، لیکن کیا ہم بھول گئے کہ اگر آج فلسطین جل رہا ہے، تو کل ہمارے دروازے پر بھی یہی آگ آسکتی ہے؟ اگر آج ہم خاموش رہے تو کل ہم بھی اسی آگ کی لپیٹ میں ہوں گے۔

پاکستان، جو ایک اسلامی نظریاتی ریاست کے طور پر وجود میں آیا تھا، وہ بھی اسی بے حسی کا شکار ہو چکا ہے۔ اندرونی اور بیرونی سازشیں بڑھ رہی ہیں، معیشت زوال پذیر ہے، عدل و انصاف کا نظام کمزور ہو چکا ہے، اور عوام بے یار و مددگار کھڑے ہیں۔ لیکن ہم ابھی بھی خاموش ہیں، ابھی بھی یہی سوچ رہے ہیں کہ "یہ ہمارا مسئلہ نہیں۔"

ہمیں سمجھنا ہوگا کہ جب ایک مسلمان پر ظلم ہوتا ہے، تو پورا عالم اسلام متاثر ہوتا ہے۔ ہمیں اپنی بے حسی کے خول سے باہر آنا ہوگا۔ اگر ہم آج بھی خاموش رہے تو کل ہماری اپنی دیوار گر جائے گی، اور پھر کوئی ہمارا ساتھ دینے والا نہیں ہوگا۔

یہ وہ وقت ہے جب ہمیں متحد ہونا ہوگا، اپنے ضمیر کو جھنجھوڑنا ہوگا، اور ظالم کے خلاف کھڑا ہونا ہوگا۔ کیونکہ یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کر شرمائیں یہود! ہمیں اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنا ہوگا، ورنہ تاریخ ہمیں بھی ان قوموں کی فہرست میں شامل کر دے گی جو ظلم سہتی رہیں اور پھر مٹ گئیں۔

عالمی خبریں

اسرائیل کی پناہ گزین کیمپ پر وحشیانہ بمباری، 80 فلسطینی شہید

صیہونی ریاست نے غزہ کے بڑے حصے پر قبضہ کرلیا، رفح اور خان یونس کے علاقوں کو الگ کر کے اسے موراج کوریڈور کا نام دے دیا

غزہ (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی فوج نے غزہ میں وحشیانہ بمباری کرتے ہوئے اقوام متحدہ کی پناہ گزین ایجنسی کے طبی مرکز پر حملہ کر دیا جس میں 22 معصوم فلسطینی شہید ہو گئے، جن میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ خبر ایجنسی کے مطابق بیت حنون اور بیت لاہیہ سے جبری بے دخل کیے گئے فلسطینی عارضی پناہ گزین کیمپ میں رہائش پذیر تھے جب اسرائیلی فضائی حملے نے انہیں نشانہ بنایا۔ اسرائیلی فوج کی تازہ بمباری میں مجموعی طور پر 80 سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، جبکہ سینکڑوں زخمی ہیں۔ اسرائیل نے غزہ کے بڑے حصے پر قبضہ کرلیا اور رفح اور خان یونس کے علاقوں کو الگ کر کے اسے موراج کوریڈور کا نام دے دیا۔ اسرائیلی فوج نے لبنان اور شام پر بھی فضائی حملے کیے۔ شام کے صوبے درعا میں 11 افراد جاں بحق جبکہ متعدد زخمی ہو گئے، جبکہ لبنان میں ہونے والے حملے میں کوئی جانی نقصان رپورٹ نہیں ہوا۔ یاد رہے کہ ایک روز قبل بھی اسرائیلی فوج نے غزہ پر تازہ حملے کیے جس میں کی جانے والی بمباری کے نتیجے میں 17 فلسطینی شہید ہو گئے تھے۔ اسرائیلی میڈیا کا کہنا ہے کہ اسرائیلی فوج جنوبی رفح سمیت غزہ میں اپنی زمینی کارروائیوں کو بڑھا رہی ہے۔ گزشتہ روز بھی غزہ کی وزارت صحت نے 24 گھنٹوں میں 41 فلسطینیوں کی شہادت کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا تھا کہ غزہ میں 18 مارچ سے دوبارہ شروع ہونے والے اسرائیلی حملوں میں شہید فلسطینیوں کی تعداد ایک ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔ اس کے علاوہ غزہ میں اکتوبر 2023 سے اب تک اسرائیلی حملوں میں 50 ہزار 400 سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں۔

غزہ: اسرائیلی فورسز کی جانب سے شجاعیہ کا علاقہ خالی کرنے کے حکم کے بعد ایک فلسطینی خاتون اپنے بچوں کے ہمراہ محفوظ مقام پر منتقل ہو رہی ہے

ٹرمپ کی مقبولیت میں کمی امریکی عوام میں مایوسی بڑھنے لگی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دوسرے دورِ صدارت کو ابھی صرف دو ماہ ہی گزرے ہیں، لیکن ان کی مقبولیت میں نمایاں کمی آنا شروع ہو گئی ہے۔ رائے عامہ کے معروف ادارے گیلپ کے تازہ ترین سروے کے مطابق ٹرمپ کی مقبولیت 47 فیصد سے کم ہو کر 43 فیصد تک آ گئی ہے۔ ماہرین کے مطابق اس کمی کی بنیادی وجوہات میں ان کی متنازع پروجیکٹ 2025 پالیسی، تجارتی ٹیرف کی دھمکیاں اور عجیب وغریب خیالات شامل ہیں، جیسے کہ خلیج میکسیکو کا نام تبدیل کرنے اور گرین لینڈ پر قبضہ کرنے کی خواہش ہے۔ سروے میں یہ بھی سامنے آیا کہ صرف 38 فیصد امریکی ان کی تجارتی پالیسیوں سے مطمئن ہیں، جبکہ معیشت اور دیگر حکومتی فیصلوں پر حمایت میں بھی کمی دیکھی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ایلون مسک کی بے جا مداخلت اور سگنل گیٹ اسکینڈل نے بھی ٹرمپ کے لیے مشکلات پیدا کر دی ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ٹرمپ کی صدارت کا دوسرا دور بھی پہلے کی طرح تنازعات، افراتفری اور غیر یقینی صورتحال سے بھرپور ہوگا۔ یاد رہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے 20 جنوری 2025 کو امریکی صدر کا حلف اٹھایا تھا، لیکن ابتدائی مہینوں میں ہی ان کی پالیسیوں پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔

بحیرہ روم میں 2 کشتیاں الٹنے سے 16 تارکین وطن ہلاک

یونان (مانیٹرنگ ڈیسک) بحیرہ روم میں یونانی جزیرے لیسبوس کے قریب اور ترکیہ کے ساحل کے نزدیک کشتیاں الٹنے سے مجموعی طور پر 16 تارکین وطن ہلاک ہو گئے جبکہ 23 تارکین وطن کو ڈوبنے سے بچا لیا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے اے ایف پی کی رپورٹ کے مطابق یونانی جزیرے لیسبوس کے قریب مہاجرین کی ایک کشتی الٹنے سے دو بچوں سمیت سات افراد ہلاک ہو گئے جبکہ 23 دیگر کو بچا لیا گیا۔ یونانی کوسٹ گارڈز کے ترجمان کے مطابق بحیرہ ایجیئن میں ابتدائی طور پر چار لاشیں ملی تھیں لیکن پھر گشتی کشتیوں کے ذریعے تلاش کے بعد تین دیگر لاشیں بھی مل گئی ہیں۔ کشتی میں تقریباً 30 افراد سوار تھے جو جمعرات کو ترکیہ کے ساحل سے کچھ فاصلے پر الٹ گئی۔

برطانوی شہزادی کی مسلمانوں کی عید، پاکستانی ڈیزائنر کا سوٹ پہنا

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانوی شہزادی کیٹ مڈلٹن نے عید الفطر کے موقع پر مسلم کمیونٹی سینٹر کا دورہ کیا اور عید کی مبارکباد دی۔ برطانوی میڈیا کے مطابق پرنسس آف ویلز کیٹ مڈلٹن نے کمیونٹی سینٹر میں مسلم برادری کے ساتھ عید الفطر منائی۔ کیٹ مڈلٹن نے کمیونٹی سینٹر میں موجود افراد کے ساتھ وقت گزارا، بالخصوص بچوں کے ساتھ کچھ گیمز بھی کھیلے۔ برطانوی شہزادی کی جانب سے بچوں میں تحائف بھی تقسیم کیے گئے جب کہ شہزادی کو مٹھائی پیش کی گئی۔ شہزادی کیٹ مڈلٹن نے اس موقع پر خوبصورت قمیض شلوار زیب تن کیا ہوا تھا جو انہوں نے 2019 میں دورۂ پاکستان کے دوران بھی پہنا تھا۔ یہ سوٹ ڈیزائنر خدیجہ شاہ نے تیار کیا تھا جو فیشن انڈسٹری کی نامور ڈیزائنر اور ایلان کلوتھنگ برانڈ کی کری ایٹیو ڈائریکٹر ہیں۔ کلوتھنگ برانڈ نے انسٹاگرام پوسٹ پر اس لباس کی قیمت 29 ہزار 500 روپے بتائی تھی۔

اگر ایران امریکا جوہری مذاکرات ناکام ہوئے تو فوجی تصادم ہوگا، فرانس کا دعویٰ

پیرس (مانیٹرنگ ڈیسک) فرانس کے وزیر خارجہ ژاں نوئل بارو نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایران کے جوہری پروگرام پر مذاکرات ناکام ہو گئے تو خطے میں فوجی تصادم تقریباً ناگزیر ہو جائے گا۔ پارلیمنٹ میں خطاب کرتے ہوئے بارو نے کہا کہ ایران کے خلاف کسی بھی فوجی کارروائی کے نتیجے میں پورے مشرق وسطیٰ میں عدم استحکام پیدا ہو سکتا ہے۔ اس سے قبل، فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون نے ایران کے معاملے پر ایک اہم اجلاس کی صدارت کی، جس میں ایران کے جوہری پروگرام اور ممکنہ اقدامات پر غور کیا گیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایران جوہری ہتھیار بنانے کی کوشش جاری رکھے گا تو امریکا اس پر بمباری کرے گا۔ دوسری جانب، ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے کہا ہے کہ اگر ایران پر حملہ کیا گیا تو وہ بھی بھرپور جوابی کارروائی کرے گا۔ بارو نے کہا کہ فرانس کا موقف واضح ہے کہ ایران کو جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے دیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہماری اولین ترجیح ایک ایسے معاہدے پر پہنچنا ہے جو ایران کے جوہری پروگرام کو مستقل اور قابل تصدیق طریقے سے محدود کرے۔

قطر گیٹ کرپشن اسکینڈل میں نیتن یاہو کے گرد گھیرا تنگ، دو سینئر مشیر گرفتار

مقبوضہ بیت المقدس (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے دو سینئر مشیروں کو قطر کے ساتھ مبینہ غیر قانونی تعلقات کے الزام میں گرفتار کر کے تین روزہ ریمانڈ پر جیل بھیج دیا گیا۔ اس کیس کو میڈیا میں قطر گیٹ کے نام سے جانا جا رہا ہے، جس نے اسرائیل کی سیاست میں ہلچل مچا دی ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے کے مطابق، نیتن یاہو نے اس معاملے میں گواہی دی اور تحقیقات کو سیاسی انتقام قرار دیا۔ گرفتار ہونے والے مشیر جوناتھن یوریچ اور ایلی فیلڈ اسٹائن پر الزام ہے کہ انہوں نے قطری حکومت کے ساتھ غیر قانونی روابط قائم کیے۔ گرفتاریوں کے بعد اسرائیل میں سیاسی کشیدگی بڑھ گئی ہے، جہاں حکومت پہلے ہی ملکی سلامتی کے سربراہ اور اٹارنی جنرل کو برطرف کرنے پر غور کر رہی ہے۔ اس پیش رفت نے ایک بار پھر اسرائیل میں احتجاجی تحریک کو ہوا دی ہے، جبکہ حکومت نے غزہ میں فوجی کارروائی دوبارہ شروع کر دی ہے۔ نیتن یاہو نے ایک ویڈیو بیان میں کہا: "جیسے ہی مجھ سے گواہی کے لیے کہا گیا، میں نے فوراً حامی بھر لی۔"

مودی کی مسلمانوں کی وقف جائیدادوں پر قبضے کی سازش بھارت میں متنازع وقف قانون منظور

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت میں ہندو انتہاپسند حکومت نے مسلمانوں کی وقف املاک پر کنٹرول حاصل کرنے کے لیے وقف ترمیمی بل 2025 کو لوک سبھا سے منظور کروا لیا جس پر اپوزیشن جماعتوں اور مسلم رہنماؤں نے سخت احتجاج کیا ہے۔ بل کی منظوری کے دوران کانگریس رہنما سونیا گاندھی نے اسے بھارتی آئین پر حملہ قرار دیا اور کہا کہ مودی حکومت ملک کو خطرناک راستے پر لے جا رہی ہے۔ پارلیمنٹ میں آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین کے رہنما اسد الدین اویسی نے بل کی کاپی پھاڑ دی اور کہا کہ یہ قانون آئین کے آرٹیکل 25 اور 26 کی خلاف ورزی ہے، جو مسلمانوں کے مذہبی اور جائیدادی حقوق کو سلب کرنے کی کوشش ہے۔ منظور شدہ بل میں کئی متنازع ترامیم شامل کی گئی ہیں، جن میں غیر مسلم افراد کو وقف بورڈ کا چیف ایگزیکٹو آفیسر بنانے کا اختیار، ریاستی حکومتوں کو وقف بورڈ میں کم از کم دو غیر مسلم ارکان شامل کرنے کا اختیار اور ضلعی کلکٹر کو متنازع وقف جائیدادوں پر فیصلہ دینے کا اختیار دیا گیا ہے۔

ٹرمپ انتظامیہ کا بڑا اقدام، یو ایس ایڈ کے ہزاروں ملازمین برطرف

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی حکومت نے بین الاقوامی ترقیاتی ادارہ (یو ایس ایڈ) کو مکمل طور پر بند کرنے اور اس کے تمام غیر ملکی دفاتر ختم کرنے کا حتمی فیصلہ کرلیا ہے۔ اس اقدام کے تحت ہزاروں امریکی سفارت کاروں، مقامی ملازمین اور سرکاری اہلکاروں کو نوکریوں سے نکالا جا رہا ہے۔ کانگریس کو اطلاع دی گئی کہ یو ایس ایڈ کے تمام ملازمین کو ستمبر تک برطرف کر دیا جائے گا اور اس کے کئی کام اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ میں ضم کر دیے جائیں گے۔ یہ اقدام ڈونلڈ ٹرمپ کی امریکا فرسٹ پالیسی کے تحت کیا جا رہا ہے، جس کی نگرانی ان کے مشیر ایلون مسک کر رہے ہیں۔ یو ایس ایڈ کے ایک سابق اعلیٰ عہدیدار نے اس فیصلے کو ادارے کا مکمل خاتمہ قرار دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق، 10 ہزار سے زائد غیر ملکی شہریوں کو برطرفی کے نوٹس جاری کر دیے گئے ہیں، جن کا اطلاق اگست میں ہوگا۔ اس کے علاوہ، امریکی سفارت کاروں اور سرکاری ملازمین کو بھی نوٹس بھیج دیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر1

دیا۔ مریم نوازشریف نے پنجاب بھر میں دکانوں، پٹرول پمپس اور فیکٹریوں میں کم از کم اجرت کی ادائیگی یقینی بنانے کی ہدایت کی اور صوبہ بھر میں لیبر رجسٹریشن بڑھانے کا حکم دے دیا۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ دکانوں، ورکشاپوں اور چھوٹے انڈسٹریل یونٹ میں کام کرنے والے ورکرز کی رجسٹریشن کی جائے گی۔ مریم نوازشریف نے انڈسٹریل یونٹس میں لیبر کے لئے ورکنگ کنڈیشن بہتر بنانے کا حکم دیا، انہوں نے ورکرز کو کام کے لئے صاف ستھرے اور صحت مند ماحول کے مواقع فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے لیبر کے لئے راشن کارڈ پروگرام کا جامع پلان بھی طلب کرلیا۔

بقیہ نمبر2

کہ پاکستان میں جمہوریت اور جمہوری اقدار کے فروغ میں ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو کے دور حکومت میں پاکستان کو1973 کا متفقہ آئین ملا، ذوالفقار علی بھٹو نے مسلم امہ کے اتحاد کے لئے اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ نمبر3

سعودی وزارت حج کی اس سال 2025 کے حج بارے پالیسی پر بروقت مقررہ شیڈول میں عمل کر کے پرائیویٹ حج کوٹہ حاصل نہ ہونے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے اس کی فوری انکوائری کا حکم دیا ہے۔ شہباز شریف نے انکوائری کے لیے تین رکنی کمیٹی قائم کی ہے جس کے چیئرمین سیکرٹری کابینہ ڈویژن ہوں گے۔ دیگر اراکین میں چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) اور وفاقی سیکرٹری گلگت بلتستان شامل ہیں۔ کمیٹی کو کہا گیا ہے کہ وہ انکوائری کرے کہ سعودی وزارت حج کی اس سال پرائیویٹ حج پالیسی پر وزارت مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی کیوں بروقت عمل درآمد نہیں کر سکی، پرائیویٹ حج کے کوٹے کے لیے سعودی وزارت حج سے بروقت کیوں نہیں کہا جا سکا۔ اسی طرح پرائیویٹ حج کوٹہ نہ ملنے سے ہزاروں پاکستانی اس سال حج سے محروم رہ گئے، کمیٹی تین روز میں انکوائری کر کے ذمہ داروں کا بھی تعین کرے اور اس سلسلے میں وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی اس بابت کمیٹی سے مکمل تعاون کی پابند ہوگی۔ کابینہ ڈویژن نے اس حوالے سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر4

تھا۔ اس موقع پر بعض افراد کے خلاف قانونی اقدامات سمیت برطانیہ سے حوالگی کا مطالبہ بھی کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر5

نہ صرف عوام کو ریلیف ملے گا بلکہ ایکسپورٹ بھی بڑھے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے دور میں ہی ہمیشہ عوام کو معاشی ریلیف ملتا ہے، مہنگائی میں مسلسل کمی پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ہی بہترین معاشی پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ملک میں ترقی کی راہیں کھل رہی ہیں، نوجوانوں کو روزگار ملے گا۔ ایک بیان میں نوازشریف نے گھریلو اور صنعتی صارفین کے لیے بجلی کے نرخ کم کرنے پر وزیراعظم کی ٹیم کو سراہا اور کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی کاوشوں سے ملک درست سمت پر گامزن ہو چکا ہے۔ نوازشریف نے کہا کہ بجلی سستی کرنے سے نہ صرف عوام کو ریلیف ملے گا بلکہ ایکسپورٹ بھی بڑھے گی۔ مسلم لیگ ن کے دور میں ہی ہمیشہ عوام کو معاشی ریلیف ملتا ہے۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز وزیراعظم شہباز شریف نے گھریلو اور صنعتی صارفین کے لیے بجلی کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کیا تھا۔ گھریلو صارفین کے لیے بجلی کی فی یونٹ قیمت میں 15.7 روپے کمی کی گئی ہے۔ بجلی کی فی یونٹ اوسط قیمت 05.45 روپے سے کم کر کے 64.37 روپے کردی گئی۔ دستاویز کے مطابق کمرشل صارفین کے لیے بجلی کی فی یونٹ قیمت میں 58.8 روپے کمی کی گئی ہے جس کے بعد فی یونٹ بجلی 06.71 روپے سے 47.62 روپے ہوگئی۔

بقیہ نمبر6

جب تک معاشی صورتحال بہتر رہی یہ ریلیف ملتا رہے گا۔ حکام کے مطابق سالانہ ری بیسنگ ابھی ممکن نہیں، اسی لیے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت ریلیف دے رہے ہیں، 3 ماہ کیلئے بجلی کے صارفین کو بلز میں ریلیف ملے گا۔ پاور ڈویژن حکام نے کہا کہ 3 ماہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں برقرار رکھنے سے 58 ارب بچیں گے، پیٹرولیم مصنوعات کا ریلیف ٹیرف کا فرق ختم کر کے دیں گے۔ پاور ڈویژن حکام نے اتھارٹی کو بتایا کہ گزشتہ دن نیپرا میں سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی سستی کی تھی، اس میں 5 آئی پی پیز کے معاہدوں سے میں 12 ارب کی بچت شامل ہے، 7 آئی پی پیز کی جانب سے ٹیرف میں کمی کی درخواست آچکی ہے، حکومتی سمیت دیگر آئی پی پیز کی درخواستیں جلد آپ کے پاس آئیں گی۔ حکام کا مزید کہنا تھا کہ گردشی قرض ختم کرنے کے لیے بینکوں سے بات جلد فائنل ہوجائے گی، آئی پی پیز کی بچت کا ریلیف سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں ہی ملے گا، ٹیرف کا فرق کم کرنے کیلئے حکومت 266 ارب کی سبسڈی دے رہی ہے۔ اب مزید سبسڈی شامل کر کے 324 ارب روپے تک ہوجائے گی۔

بقیہ نمبر7

نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، پولیس آرڈر 2002 میں تبدیلی کر کے آرڈیننس 2025 کی منظوری دی گئی، آرڈیننس کے تحت نئے ڈیپارٹمنٹ یونٹ سی سی ڈی کا سربراہ ایڈیشنل آئی جی سی سی ڈی سہیل ظفر چٹھہ ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایڈیشنل آئی جی سی سی ڈی ہی سی سی ڈی یونٹ میں افسران کے تبادلے کرے گا، ہر ضلع میں سی سی ڈی کا ایک تھانہ ہوگا جبکہ لاہور میں سی سی ڈی کے تین تھانے ہوں گے۔ سی سی ڈی تھانوں میں ڈکیتی، قتل ڈکیتی قتل، اغواء برائے تاوان بھتہ خوری، بچوں کیساتھ زیادتی، خواتین کیساتھ اجتماعی زیادتی، چوری، گھروں میں ڈکیتی، قبضہ مافیا سمیت دیگر 18 سنگین مقدمات کی تفتیش کی جائے گی۔ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا کہ ضلع میں درج کسی بھی اہم اور بڑے مقدمہ کی تفتیش سی سی ڈی ڈیپارٹمنٹ کو منتقل ہو جائے گی، اہم کیسز کی تفتیش مقدمہ مدعی کی درخواست پر بورڈ کے افسران سی سی ڈی ڈیپارٹمنٹ کو منتقل کریں گے۔ سی سی ڈی ڈیپارٹمنٹ کی منظوری کے بعد جلد افسران کے تبادلے متوقع ہیں، سی سی ڈی ڈیپارٹمنٹ میں ایس ایس پیز، ایس پیز اور ڈی ایس پیز کا تبادلوں کا جلد نوٹیفکیشن ہوگا۔

بقیہ نمبر8

7 اپریل کو ہوگی۔ اسی طرح عالیہ حمزہ سمیت 20 ملزمان کی ضمانت منسوخی کے لیے دائر اپیلوں پر سماعت 8 اپریل کو ہوگی۔ چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان، جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ پنجاب حکومت کی اپیلوں پر سماعت کرے گا۔ جسٹس شفیع صدیقی اور جسٹس شکیل احمد بینچ کا حصہ ہوں گے۔

بقیہ نمبر9

دوہری شہریت، ذاتی آزادی اور عالمی ساکھ جیسے پانچ اہم عوامل کو مدنظر رکھا گیا۔ آئرلینڈ 109 پوائنٹس کے ساتھ پہلے نمبر پر رہا، جس کے شہری 176 ممالک میں بغیر ویزا سفر کر سکتے ہیں۔ یونان اور سوئٹزرلینڈ 108 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہے، جبکہ پرتگال کو چوتھی پوزیشن ملی۔ دیگر مضبوط پاسپورٹس میں مالٹا، فن لینڈ، ناروے، نیوزی لینڈ، متحدہ عرب امارات اور آئس لینڈ شامل ہیں۔ پاکستان 195 ویں نمبر پر رہا اور کمزور ترین پاسپورٹس کی فہرست میں شامل ہوا۔ فہرست کے مطابق، پاکستان کا پاسپورٹ اریٹیریا کے ساتھ 195 ویں نمبر پر ہے، جبکہ عراق (196)، یمن (198) اور افغانستان (199) سب سے نیچے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ دیگر درجہ بندیوں میں سرفہرست رہنے والے جاپان اور سنگاپور اس بار نیچے رہے، جس کی وجہ ان ممالک کی دوہری شہریت اور ٹیکس پالیسیوں میں سختی بتائی گئی ہے۔

بقیہ نمبر10

کی ضرورت ہے، کیونکہ شاہراہوں کے ذریعے نہ صرف باہمی تجارت کو فروغ دیا جا سکتا ہے، بلکہ وسط ایشیا اور یورپ تک رسائی ممکن ہو سکے گی۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ تجارتی اعتبار سے بیلاروس کو خطے میں اہم جغرافیائی حیثیت حاصل ہے اور پاکستان بالخصوص مواصلات کے شعبے میں باہمی تعاون میں اضافہ چاہتا ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ ان کا وفد کے ہمراہ بیلاروس کا یہ دورہ انتہائی خوشگوار ہے جو دونوں ممالک کے لئے سود مند ثابت ہوگا۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ اسی ماہ وزیراعظم پاکستان کی بیلاروس آمد بھی اس سلسلے میں معاون ثابت ہوگی۔ وفاقی وزیر مواصلات نے بیلا روس کے وزیر ٹرانسپورٹ کو پاکستان میں موٹرویز کے شعبے میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ بیلاروس کے وزیر ٹرانسپورٹ و مواصلات الیگزی لیخوو چ نے وفاقی وزیر عبدالعلیم خان اور وفد کے ارکان کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کا یقین دلایا۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے منسٹریل سیشن سے بھی خطاب کیا اور پاکستان کی طرف سے بیلاروس کے ساتھ باہمی اشتراک میں اضافے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے سربراہان کے دورے اہمیت کے حامل ہیں اور انشاءاللہ آنے والے دنوں میں اس ترقی کو زیادہ سے زیادہ با مقصد اور تیز بنائیں گے۔ دریں اثناء وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے جمعہ کے روز پاکستانی وفد کے ہمراہ بیلاروس کے شہر منسک میں معروف ٹریکٹر مینوفیکچرنگ پلانٹ کا دورہ کیا جہاں انہیں بتایا گیا کہ 75 سال سے قائم اس پلانٹ میں 62 سے زائد ٹریکٹرز و گاڑیوں کے ماڈل تیار کیے جاتے ہیں اور 20 ہزار سے زائد ورک فورس کا یہ ادارہ سالانہ 50 ہزار ٹریکٹر بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اسی طرح ٹریکٹر درآمد کرنے والوں میں یوکرین، آذربائیجان، ہنگری، رومانیہ، قازقستان، روس، لتھوانیا اور پاکستان شامل ہیں۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے بیلاروس کے اس ٹریکٹر پلانٹ میں دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس ادارے کا ماحول دوست اور جدید ٹیکنالوجی کا حامل ہونا خوش آئند ہے اور پاکستان بھی ایسے ہی ٹریکٹر پلانٹ لگانے کا خواہاں ہے جس کے لئے بیلاروس کے تجربات سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر بیلاروس کے حکام نے پاکستانی وفد کو ٹریکٹر پلانٹ کے مختلف شعبے دکھائے اور ان کے سوالوں کے جواب دیئے۔

بقیہ نمبر11

پاکستان، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور شہریوں کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ فورم کو خطے کی موجودہ صورتحال، قومی سلامتی کو درپیش چیلنجز اور بڑھتے ہوئے خطرات کے جواب میں پاکستان کی حکمت عملی کے بارے میں جامع بریفنگ دی گئی۔ کانفرنس میں علاقائی اور داخلی سلامتی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ بھی لیا گیا، فورم نے ہر قیمت پر بلاتفریق دہشت گردی کو ختم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فورم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی کوشش کرنے والے ملک دشمن عناصر، سہولت کاروں اور ان کی حوصلہ افزائی کرنے والوں کے خلاف ریاست پوری طاقت سے نمٹے گی، کسی کو بھی بلوچستان میں امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ شرکاء نے کہا کہ بلوچستان کے استحکام اور خوشحالی میں خلل ڈالنے والے مذموم سیاسی مفادات اور سماجی عناصر کو بلوچستان کے عوام کی غیر متزلزل حمایت سے فیصلہ کن طور پر ناکام بنایا جائے گا۔ شرکاء نے کہا کہ بلوچستان میں تمام ملکی اور غیر ملکی عناصر کا اصل چہرہ، گٹھ جوڑ اور انتشار پھیلانے اور پروان چڑھانے کی کوششیں پوری طرح سے بے نقاب ہو چکی ہیں۔ فورم نے ایسے عناصر اور ایسی کوششیں کرنے والوں کو کسی بھی قسم کی معافی نہ دینے کا اعادہ کیا، فورم نے نیشنل ایکشن پلان کے دائرہ کار کے تحت عزم استحکام کی حکمت عملی کے تیز اور موثر نفاذ کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف پوری قوم کے تعاون سے مشترکہ نقطہ نظر کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ شرکاء کانفرنس نے اعادہ کیا کہ ریاستی ادارے آئین کے دائرے میں رہتے ہوئے قانون پر پوری استقامت سے عمل درآمد کریں گے جبکہ قانون کی عملداری میں کسی قسم کی نرمی اور کوتاہی نہیں برتی جائے گی۔ فورم نے بھارت کی غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی جاری سنگین خلاف ورزیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور لائن آف کنٹرول پر بھارتی فوج کی بلا اشتعال جنگ بندی کی خلاف ورزیوں پر بھی خدشات ظاہر کئے۔ فورم نے بھارت کے غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کے منصفانہ حقوق کیلئے پاکستان کی پُرزور اور غیر متزلزل حمایت پر زور دیا۔ فورم نے عالمی سطح پر مقبوضہ جموں وکشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو اجاگر کرنے کیلئے مستقل سفارتی کوششوں کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ فورم نے فلسطین کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے غزہ میں ہونے والی سنگین انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور جنگی جرائم کی شدید مذمت کی۔ فورم نے فلسطین کے عوام کی غیر متزلزل سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت فراہم کرنے کا اعادہ بھی کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے پاکستان بھر میں نیشنل ایکشن پلان کے تحت قائم شدہ ضلعی رابطہ کمیٹیوں کے آغاز کو سراہا اور بغیر کسی رکاوٹ کے نیشنل ایکشن پلان کے تیز نفاذ کی ضرورت پر زور دیا۔ آرمی چیف نے کہا کہ نیشنل ایکشن پلان کے نفاذ میں حکومتی ہدایات کے مطابق تمام ادارے پائیدار ہم آہنگی، مربوط کوششوں اور تعاون کو یقینی بنائیں، پاک فوج حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو دہشت گردوں کی مالی اعانت کیخلاف سخت قانونی اقدامات میں مکمل تعاون فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی سرگرمیاں دہشت گردی کی مالی معاونت سے اندرونی طور پر جڑی ہوئی ہیں، پاکستان میں دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔ کانفرنس کے اختتام پر آرمی چیف نے فیلڈ کمانڈرز کو آپریشنل تیاری اور پیشہ ورانہ مہارت کے اعلیٰ ترین معیارات کو برقرار رکھنے کی ہدایت کی اور بہترین جنگی تیاریوں کو برقرار رکھنے کیلئے سخت تربیت کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

بقیہ نمبر12

خاندانوں کی بحالی کیلئے دعا گو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان خیموں، ادویات اور دیگر امدادی سامان پر مشتمل 35 ٹن کی ایک کھیپ خصوصی پرواز کے ذریعے بھجوا چکی ہے اور حسب ضرورت مزید سامان بھی بھجوایا جا رہا ہے، پاکستان میانمار کیلئے مشکل کی اس گھڑی میں ہر ممکن مدد کیلئے تیار ہے۔ میانمار کے سفیر نے وزیراعظم کی سفارت خانے آمد اور حکومت پاکستان کی جانب سے بھرپور تعاون پر اظہار تشکر کیا اور کہا کہ پاکستان اور میانمار دوست ممالک ہیں اور اس مشکل گھڑی میں پاکستان کے تعاون پر میانمار کی قوم آپ کی مشکور ہے۔ ملاقات میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ اور معاون خصوصی طارق فاطمی شریک تھے۔

بقیہ نمبر13

پرائم منسٹر رمضان ریلیف پیکیج 2025ء کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ رانا تنویر حسین، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شزا فاطمہ، وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، متعلقہ سرکاری افسران اور رمضان ریلیف پیکیج کے حوالے سے معاون نجی کمپنیوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں رمضان ریلیف پیکیج 2025 کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ رمضان ریلیف پیکیج کی 79 فیصد رقوم انتہائی شفاف طریقے سے مستحقین کو پہنچائی جا چکی ہیں، پیکیج کے حوالے سے کل 1273 شکایات موصول ہوئیں جن کے حل کیلئے فوری اقدامات کئے گئے۔ بینک اور دیگر معاون اداروں کی جانب سے اس پیکیج کی آگاہی کے حوالے سے 2.6 ملین روبو کالز کی گئیں، 700,178 آؤٹ باؤنڈ کالز کی گئیں جبکہ 6.1 ملین ایس ایم ایس بھیجے گئے۔ نیشنل ٹیلی کام کارپوریشن کے کال سینٹر سے اس پیکیج کی جانکاری اور معلومات کے حوالے سے 839,126 آؤٹ باؤنڈ جبکہ 158551 ان باؤنڈ کالز ہوئیں۔ شرکاء کو بتایا گیا کہ رمضان پیکیج کے تحت 1.9 ملین ڈیجیٹل ادائیگیاں ہوئیں اور 191,951 ڈیجیٹل والٹ استعمال ہوئے جو کہ ڈیجیٹل نیشن پاکستان کے ویژن کے تکمیل کی جانب اہم قدم ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ 653,823 خواتین نے ڈیجیٹل والٹس استعمال کئے جبکہ 541,2 خصوصی افراد نے ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے رقوم وصل کیں، الیکٹرانک، پرنٹ اور سوشل میڈیا کے ذریعے رمضان پیکیج کی بھرپور آگاہی مہم چلائی گئی۔ وزیراعظم نے رمضان ریلیف پیکیج کیلئے کام کرنے والی حکومتی ٹیم اور معاون اداروں کی بہترین کارکردگی کو قابل ستائش قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ رمضان ریلیف پیکیج کے حوالے سے پہلی بار ڈیجیٹل والٹ متعارف کروایا گیا جس کے ذریعے نہایت شفاف اور سہل طریقہ کار سے رقوم پاکستان بشمول گلگت بلتستان اور آزاد جموں وکشمیر کے مستحقین تک پہنچیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پیکیج کو شفاف بنانے کیلئے سٹیٹ بینک، بی آئی ایس پی، پی ٹی اے، نادرا اور دیگر معاون اداروں کی کاوشیں لائق تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رمضان ریلیف پیکیج کے دوران موصول ہونے والی شکایات کو آئندہ لائحہ عمل بناتے ہوئے مدنظر رکھا جائے، وزیراعظم نے ہدایت کی کہ اس ماڈل کو دیگر حکومتی سکیموں میں اپنایا جائے۔

بقیہ نمبر14

جنرل سید عاصم منیر اور دوست ممالک کی بھرپور مدد شامل حال رہی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی سیاست کا محور پاکستانی عوام نہیں بلکہ اقتدار ہے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف کا مزید کہنا تھا کہ الیکشن کے بعد پاکستان کو بے شمار مسائل کا سامنا تھا، ایک سال میں وزیراعظم شہباز شریف اور اتحادیوں کی کوشش کا محور عوام کی مشکلات کا حل تھا۔

بقیہ نمبر15

جو تباہی کی، اس کے منفی اثرات سے رفتہ رفتہ ملک و قوم کو نجات مل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک بار پھر ثابت کیا کہ ملک و قوم کو ریلیف صرف مسلم لیگ (ن) ہی دے سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ چار سال میں پاکستان کی معاشی ترقی کی رفتار مزید تیز ہوگی، اصلاحات کے ایجنڈے پر عمل درآمد سے عوام کو مزید ریلیف دیں گے۔

بقیہ نمبر16

منسوخ کیے جا رہے ہیں۔ 11 اپریل کے بعد مہاجرین کے خلاف سخت ترین آپریشن متوقع ہے۔ اب تک 153 افغان مہاجرین رضا کارانہ طور پر واپس جا چکے ہیں۔ پشاور میں کھانے پینے، قالین، کراکری، چپلوں سمیت مختلف کاروبار کرنے والے افغان شہریوں کی دکانیں عید کے بعد نہیں کھلیں۔ عیدالفطر کے باعث افغان مہاجرین کی واپسی کی ڈیڈ لائن میں توسیع کی گئی تھی، تاہم اب اس میں مزید کوئی اضافہ نہیں ہوگا اور گرفتاریاں عمل میں لائی جائیں گی۔ صوبے میں تاحال گرفتاریوں کا عمل شروع نہیں کیا گیا ہے، لیکن جلد سخت کارروائی متوقع ہے۔

بقیہ نمبر17

کی بنیادوں کو مضبوط کیا اور عوام کو حقیقی معنوں میں اقتدار کا مالک بنایا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ شہید بھٹو کی قیادت میں پاکستان نے 1973 کا متفقہ آئین حاصل کیا، جو آج بھی ملک کے جمہوری نظام کی روح اور بقا کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھٹو صاحب نے ہمیشہ عوامی حقوق اور جمہوری اقدار کو اولین ترجیح دی اور اپنے اصولوں پر سمجھوتہ کیے بغیر آمریت اور جبر کے خلاف جدوجہد کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو کی سیاسی بصیرت، انقلابی سوچ اور عوام دوست پالیسیوں نے پاکستان کو ایک نئی سمت دی۔ ان کی خدمات کا اعتراف نہ صرف پاکستان بلکہ عالمی سطح پر بھی کیا جاتا ہے۔ وہ ایک ایسے لیڈر تھے جنہوں نے پسے ہوئے طبقے کو آواز دی، عام آدمی کو طاقتور بنایا اور ملک کو جدید صنعتی و اقتصادی ترقی کی راہ پر گامزن کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ آج پوری قوم شہید بھٹو کی خدمات کو یاد کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کرتی ہے اور ان کے نظریات پر عمل پیرا ہونے کے عزم کا اعادہ کرتی ہے۔ 1973 کا آئین ان کی بصیرت اور جمہوری وابستگی کی ایک عظیم نشانی ہے، جو آج بھی ملک کے استحکام اور عوامی حقوق کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ بھٹو کا نام پاکستان کی سیاسی تاریخ میں سنہری حروف میں لکھا جائے گا اور ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

بقیہ نمبر18

صدارت کی۔ وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چودھری، ڈپٹی کمشنر حسن وقار چیمہ، اور دیگر اعلیٰ حکام نے اس اجلاس میں شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران عیدالفطر کے انتظامات، بجلی کے نرخوں میں کمی، اور عوامی خدمات کی بہتری جیسے اہم معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے عید کے موقع پر ٹرانسپورٹ نظام میں شفافیت اور مسافروں کو زیادہ وصول کیے گئے کرایوں کی بروقت واپسی کو عوامی اعتماد کی بحالی کا اہم قدم قرار دیا۔ انہوں نے "ستھرا پنجاب" مہم کے تحت کیے گئے کاموں کی پیشرفت کو سراہتے ہوئے شہری علاقوں میں نکاسی آب اور صفائی کے نظام کو فوری بہتر بنانے کی ہدایات بھی کی۔ وفاقی پارلیمانی سیکرٹری بیرسٹر دانیال چودھری نے میٹنگ کے دوران حکومت کے بجلی کے نرخوں میں کمی کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ گھریلو صارفین کے لیے بجلی کے نرخوں میں 41.7 روپے فی یونٹ جبکہ صنعتوں کے لیے 59.7 روپے فی یونٹ کمی عوام کو مہنگائی کے بوجھ سے نجات دلانے اور صنعتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے اہم ہے۔" انہوں نے اسے عید کا "قومی تحفہ" قرار دیتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایات پر عملدرآمد کو قابل ستائش قرار دیا۔ بیرسٹر دانیال چودھری نے زور دے کر کہا کہ پی ایم ایل (ن) کی حکومت کا مقصد نا صرف سڑکیں، ہسپتال، یا بجلی کی سہولیات فراہم کرنا ہے، بلکہ ان کا مقصد ہر شہری کو معیاری زندگی دلانا بھی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوانوں کے لیے ہنر مندی کے پروگراموں کا اجرا، چھوٹے کاروباروں کو قرضوں کی فراہمی، اور صحت کے شعبے میں جدید سہولیات کی تعمیر، جیسے منصوبوں پر کام زور و شور سے جاری ہے۔ انہوں نے عوام کو یقین دلایا کہ حکومت کی ہر پالیسی کا محور عوامی بہبود ہے، اور شہریوں کی بنیادی سہولیات تک رسائی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر19

سراپا احتجاج اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کیجیے۔ صوبائیت کے نعروں کو ختم کیا جائے کیونکہ سب سے پہلے پاکستان ہے۔ بہاولنگر کے عوام نہتے مزدوروں کے قتل عام اور بی ایل اے کی دہشت گردی کے خلاف سراپا احتجاج ہیں، دہشت گردی نامنظور کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے۔ ملتان میں بی ایل اے کی دہشت گردی کے خلاف شدید احتجاجی مظاہرہ ہوا جبکہ مہرنگ لانگو اور اختر مینگل کو کیفر کردار تک پہنچانے کا مطالبہ کیا گیا۔ شرکاء نے پلے کارڈز اٹھا کر دہشت گردی کے خلاف آواز بلند کی اور بے گناہوں کے خون کا حساب لینے کا پختہ عزم کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ظلم اور درندگی برداشت نہیں کریں گے۔ مظاہرین نے انصاف کے حصول تک جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان کیا۔

بقیہ نمبر20

قیمت میں 6 روپے 14 پیسے کی کمی کی گئی ہے جبکہ مجموعی طور پر ان کے نرخوں میں 56 فیصد تک کمی کی گئی ہے۔ اویس لغاری نے کہا کہ 6 سال کے اندر گردشی قرضے کو ختم کر دیا جائے گا، آئندہ سالوں میں اسے زیرو پر لایا جائے گا، تمام بجلی کے میٹرز کو آٹومینڈ سسٹم سے تبدیل کیا جا رہا ہے، اسی طرح آئیسکو، فیسکو اور گیپکو کی نجکاری کا عمل جاری ہے، جبکہ دوسرے مرحلے میں لیسکو، میپکو اور ہزیکو کی نجکاری کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ 000,27 ٹیوب ویلز کو 7 ماہ میں سولر انرجی پر منتقل کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک کے تحت چائنیز پلانٹس میں کوئلے سے بجلی کی پیداوار پر توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ جولائی سے دسمبر تک ڈسکوز کے نقصانات کا ہدف 303 ارب روپے تھا، لیکن 145 ارب روپے کی بچت کرتے ہوئے نقصانات 158 ارب روپے تک محدود رہے۔ گردشی قرضے کے شعبے میں 9 ارب روپے کی بچت کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم مہنگی بجلی خریدنے کے بجائے مستقبل کیلئے پائیدار حل تلاش کر رہے ہیں، 10 سالہ الیکٹرک پالیسی کے تحت بجلی کے شعبے کو مستحکم کرنے کیلئے جامع منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ اویس لغاری نے کہا کہ بجلی کے بنیادی ٹیرف میں کمی یا اضافے کا ابھی سے کچھ نہیں کہہ سکتے۔ بجلی کے بنیادی ٹیرف میں جون تک کیا صورتحال ہوگی دیکھنا ہوگا۔ بذریعہ ریگولیٹر ہی تمام امور انجام دیئے جاتے ہیں کام حکومت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 7 روپے 41 پیسے کا جو ریلیف دیا گیا ہے یہ بنیادی ٹیرف میں بھی شامل ہے، بنیادی ٹیرف کے بارے میں فی الحال کوئی پیشنگوئی نہیں کرسکتا۔

بقیہ نمبر21

کے پاکستان میں نمائندے بھی شریک ہوئے، پاکستانی موقف کی وضاحت کیلئے امریکی تجارتی نمائندے سے ملاقات کا فیصلہ کیا گیا، واشنگٹن میں پاکستانی سفیر اور ان کے ٹریڈ منسٹر رواں ہفتے امریکی حکام سے ملاقات کی کوشش کریں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستانی حکام کو صدر ٹرمپ کی اضافی ٹیرف کے حوالے سے 60 ملکوں کی فہرست میں پاکستان کی شمولیت کی توقع نہیں تھی کیونکہ پاکستانی برآمدات پر امریکی ٹیرف پہلے ہی پاکستان کی نسبت زیادہ ہے۔ وزارت تجارت کے اعداد وشمار کے مطابق امریکی مصنوعات پر پاکستان میں ٹیرف 3.7 فیصد جبکہ پاکستانی برآمدات پر امریکا میں 9.9 فیصد ٹیرف عائد ہے، نیز پاکستان ان ملکوں کی فہرست میں 33 ویں نمبر پر ہے جن سے امریکا کو تجارتی خسارہ کا سامنا ہے۔ وزارت تجارت کے اعداد وشمار کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 9 ماہ کے دوران امریکا کو پاکستانی برآمدات کا حجم 9.3 ارب ڈالر جبکہ اس دوران امریکا سے 933 ملین ڈالر کی درآمدات کی گئیں۔ امریکا کیساتھ فاضل تجارت 3 ارب ڈالر ہے جو کہ دیگر 32 ملکوں کے مقابلے میں بہت کم ہے۔ حکام کو امید ہے کہ وہ 29 فیصد اضافی ٹیرف کے امریکی فیصلے پر نظر ثانی کا مضبوط کیس تیار کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے امریکی فیصلے سے پاکستانی مصنوعات پر ٹیرف 49 فیصد تک بڑھ سکتا ہے، جن میں سرفہرست گارمنٹس اور چمڑے کی مصنوعات ہیں۔ پاکستان امریکا سے سویابین، کاٹن اور گوشت درآمد کرتا ہے، کاٹن پر ٹیرف صفر، گوشت پر 5 سے 10 فیصد، سویابین پر 25.3 ٹیرف عائد ہے، البتہ آئرن اور اسٹیل کی درآمدات پر 20 فیصد ٹیرف ہے جو کہ مقامی کارخانوں کو تحفظ دینے کیلئے ہے۔ حکام نے بتایا کہ چین، ویتنام، کمبوڈیا اور سری لنکا پر عائد زائد ٹیرف پاکستان کیلئے ٹیکسٹائل برآمدات بڑھانے کا موقع ہے۔

بقیہ نمبر22

سے متعلق اہم معاہدے متوقع ہیں۔ معاہدوں کو حتمی شکل دینے کے لیے آذربائیجان کے وزیر معیشت میکائیل جباروف 8 اپریل کو اسلام آباد پہنچیں گے، دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون کے فروغ کے لیے یہ دورہ اہم تصور کیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر23

نے یہ درخواست کابینہ سے منظوری کے بعد نیپرا میں جمع کرائی ہے، جس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ کے الیکٹرک سمیت بجلی تقسیم کار تمام کمپنیوں پر اس کمی کا یکساں اطلاق کیا جائے۔ حکام کا کہنا ہے کہ بجلی کی قیمت میں یہ ممکنہ کمی ٹیرف سبسڈی میں اضافے کے ذریعے کی جائے گی، تاکہ صارفین کو براہ راست ریلیف مل سکے، تاہم پاور ڈویژن حکام نے واضح کیا کہ یہ کمی صرف عام صارفین کے لیے ہوگی اور لائف لائن یعنی کم ترین بجلی استعمال کرنے والے کم آمدنی والے صارفین کو اس کا کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا۔ نیپرا کی سماعت میں حکومت کی درخواست پر فریقین کا موقف سنے جانے کے بعد بجلی کی قیمت میں 1.71 روپے فی یونٹ کی کمی سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز وزیراعظم نے بجلی کی قیمتوں میں 7 روپے 41 پیسے فی یونٹ کمی کا اعلان کیا تھا، جس کا اطلاق ملک بھر کے تمام صارفین کو ہوگا۔ اسی طرح صنعتوں کے لیے بجلی کی قیمت میں بڑی کمی کا اعلان کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر24

کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، شہید بھٹو ایک عظیم مدبر، جرات مند رہنما اور عوام کے حقیقی نمائندہ تھے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کو ترقی، خودمختاری اور عوامی فلاح کے راستے پر گامزن کیا، انہوں نے قوم کو پہلا متفقہ آئین دیا، پاکستان کے ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھی۔ انہوں نے کہا کہ شہید بھٹو نے ملک کی خارجہ پالیسی کو ایک آزاد اور خودمختار تشخص دیا، ان کی قیادت میں پاکستان نے اسلامی سربراہی کانفرنس کی میزبانی کی اور مسلم امہ کے اتحاد کی راہ ہموار کی۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ شہید بھٹو نے مزدوروں، کسانوں، اور پسے ہوئے طبقے کو حقوق دیے، انہیں بااختیار بنایا۔ ان کے اقدامات کی بدولت تعلیم، صنعت، اور دفاعی شعبے میں نمایاں پیش رفت ہوئی۔ آصف زرداری نے کہا کہ ہم شہید ذوالفقار علی بھٹو کے مشن کو جاری رکھیں گے، پاکستان کی خودمختاری، جمہوریت، اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کریں گے، آج کے دن عہد کرتے ہیں کہ پاکستان کو شہید بھٹو کے وژن کے مطابق ایک ترقی یافتہ، خودمختار اور عوام دوست ملک بنائیں گے۔

بقیہ نمبر25

کی ہے۔ جاری بیان کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے صدر آصف زرداری کی جلد صحت یابی کی دعا کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو جلد از جلد صحت یاب کرے، پوری قوم آپ کی صحت کیلئے دعا گو ہے۔

بقیہ نمبر26

کے علاوہ مزید 34 فیصد ٹیرف عائد کر دیا گیا تھا۔ زرعی تجارت کو ایک اور دھچکا لگا کیونکہ چینی کسٹمز نے اناج کے برآمد کنندہ 'سی اینڈ ڈی (امریکا)' سے جوار کی درآمدات کے ساتھ ساتھ تین امریکی فرموں سے 'پولٹری اور بون میل' کی درآمد پر فوری طور پر معطلی عائد کر دی۔ بیجنگ نے 14 اپریل سے امریکا کو نایاب معدنیات کی برآمدات پر کنٹرول کا بھی اعلان کیا، جن میں سماریم، گیڈولینیم، ٹربیئم، ڈیسپروسیم، لیوٹیم، اسکینڈیم اور یٹریئم شامل ہیں۔ اناڈولو ایجنسی نے رپورٹ کیا کہ بیان میں امریکا کے باہمی محصولات کو یک طرفہ 'غنڈہ گردی' قرار دیا گیا، اور مزید کہا کہ یہ بین الاقوامی تجارتی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہیں اور چین کے حقوق اور مفادات کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ چینی وزارت تجارت کا مزید کہنا تھا کہ قانون کے مطابق متعلقہ اشیاء پر برآمدی کنٹرول کے چینی حکومت کے نفاذ کا مقصد قومی سلامتی اور مفادات کا تحفظ اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کو پورا کرنا ہے، جس میں جوہری ہتھیاروں کو عدم پھیلاؤ بھی شامل ہے۔ بیجنگ نے اپنی ایکسپورٹ کنٹرول لسٹ میں 16 امریکی اداروں کو بھی شامل کیا، جو متاثرہ فرموں کو دوہری استعمال کی اشیاء کی برآمد پر پابندی لگاتی ہے۔ چینی وزارت تجارت نے مزید 11 امریکی فرموں کو 'ناقابل اعتماد اداروں' کی فہرست میں شامل کیا گیا، جو بیجنگ کو غیر ملکی اداروں کے خلاف تعزیری کارروائی کرنے کی اجازت دیتی ہے، ان فرموں میں اسکائی ڈیو انکس اور برنک ڈرونز شامل ہیں، جو کہ جمہوری طور پر حکومت کرنے والے تائیوان کو ہتھیاروں کی فروخت سے متعلق ہیں، جس چین اپنا حصہ ہونے کا دعویٰ کرتا ہے۔ وزارت تجارت نے کہا کہ نشانہ بننے والی کمپنیوں نے چین کی قومی خود مختاری، سلامتی اور ترقیاتی مفادات کو 'کمزور' کیا ہے اور انہیں چین میں نئی سرمایہ کاری، درآمد اور برآمدی سرگرمیوں سے روک دیا جائے گا۔ اسی طرح چین نے امریکا اور بھارت سے بعض طبی سی ٹی ٹیوبوں کی درآمدات پر اینٹی ڈمپنگ تحقیقات بھی شروع کی ہیں۔

بقیہ نمبر27

ہوگا پورے خطے میں امن نہیں ہوسکتا۔۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کے بعد اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ جب ہماری حکومت تھی اس وقت دہشت گردی نہیں تھی، ہماری حکومت ختم کرنے کے بعد ہمارے خلاف کارروائیاں شروع کی گئیں، یہ لوگ ہمارے خلاف کارروائیوں میں مصروف رہے اور اصل کام پر ان کی توجہ نہیں رہی۔ انہوں نے کہا کہ میں کہہ رہا ہوں ٹی او آرز بنائیں تاکہ افغانستان کے ساتھ مذاکرات کیے جاسکیں، اس کے بغیر کوئی حل نہیں ہے، چیئرمین پی ٹی آئی کہتے ہیں کہ ملک میں جاری دہشت گردی کا واحد حل مذاکرات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کپیسٹی کی کمی ہے اور اس کی ذمہ دار وفاقی حکومت ہے، ہر چیز میں سیاست نہ کی جائے، افسوس ہے وفاقی حکومت اور وزرا ہمارے علاقے میں واقعات پر سیاست کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے زیر انتظام اداروں نے ایکشن کیا، جب سے ہماری حکومت آئی ہے سی ٹی ڈی اور دیگر اداروں کو 30 ارب روپے دیے ہیں، صوبائی حکومت کا ایکشن پلان جاری ہے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ عوام اپنے فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں، وفاقی حکومت کے بیانات خطرناک ہیں، افغانستان میں جب تک امن نہیں ہوگا اس پورے خطے میں امن نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری غلط پالیسیوں کی وجہ سے ان لوگوں نے ہتھیار اٹھایا ہے، اعتماد کا رشتہ بنانا پڑے گا، جب تک افغانستان اور بارڈر ایریاز میں امن نہیں ہوتا حالات ٹھیک نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کے پی میں ہم زبردستی لوگوں کو افغانستان سے نہیں بھجوائیں گے، صوبے کی پولیس اور صوبے کی انتظامیہ کسی کو بھی زبردستی نہیں نکالے گی، ہم کیمپ لگائیں گے جو رضا کارانہ طور پر جانا چاہے ان کو بھجوائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ این ایف سی نہ دینا کروڑوں آبادی کے ساتھ زیادتی ہے، میرے ساتھ اپریل میں این ایف سی بلانے کا وعدہ کیا گیا تھا، اپریل کا مطلب اپریل ہے، آئینی حق کے لیے میں نکلوں گا۔ انہوں نے کہا کہ میں پورے صوبے، پولیس اور سرکاری ملازمین کو لے کر نکلوں گا، ہمیں 75 ارب روپے نہیں دیا گیا یہ بجلی کے ڈیٹ کے علاوہ ہے، ہم پاکستان کا حصہ ہیں ہمیں یہ دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کرم میں مسئلہ ہوا اس کو صوبائی حکومت مالی مدد دے رہی ہے، پارا چنار کا مسئلہ ایک سو تین سال پرانا ہے، اس علاقے میں بنکرز ختم کروا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنر وہاں زخمی ہوا، اس پورے روڈ پر ایک ارب روپے کے فنڈ سے پکٹس لگ رہی ہیں، میرا ہیلی کاپٹر وہاں پر چنگ چی کی طرح چل رہا ہے حالانکہ میرے ساتھ جہاز دینے کا وعدہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی پاکستان میں اس لیے ہے کہ یہ اسلامی ملک ہے، جہاں سے غزوہ ہند ہونی ہے وہ یہی خطہ ہے، امریکا اور پاکستان کے درمیان معاہدہ ہوا جس میں لکھا ہے اس خطے میں معدنیات ہیں، اس کے بعد سے یہاں دہشت گردی کے واقعات ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان ڈیل نہیں کریں گے وہ کسی ڈیل کیلئے جیل میں نہیں ہے، مذاکرات پاکستان کیلئے ہوں گے، اگر کوئی راستہ نکلتا ہے تو مذاکرات ہونے چاہئیں۔

بقیہ نمبر28

افغان سٹیزن کارڈ کے حامل افراد کو کیمپ سے افغانستان بھجوایا جائے گا، آپریشن کے دوران کارڈ ہولڈر خاندانوں کو بھی تحویل میں لے کر کیمپ منتقل کیا جائے گا۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ افغان سٹیزن کارڈ کے حامل مہاجرین کیخلاف آپریشن روزانہ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر29

ملاقات کی، جس میں دو طرفہ توانائی تعاون، پائیدار ترقی اور پاک امریکہ تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت پیٹرولیم میں ہونے والی ملاقات میں امریکہ اور پاکستان کے درمیان توانائی کے شعبے میں شراکت داری کو مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ بشمول قابل تجدید توانائی کے منصوبے، معدنیات، ہائیڈروکاربنز اور بنیادی ڈھانچے کے سرمایہ کاری۔ نیتالی بیکر اور وزیر پیٹرولیم نے توانائی کے اہم چیلنجز، ٹیکنالوجی کی جدت، اور پاکستان کی بڑھتی ہوئی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے پالیسی اقدامات پر اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔ نیز دونوں نے باہمی فائدے کی شراکت اور توانائی شعبے کی پائیداری کے لیے مستقبل کے لائحہ عمل پر بھی بات چیت کی۔ وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے امریکی حکومت کے مسلسل تعاون کا خیر مقدم کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ" پاکستان امریکہ کے ساتھ اپنے اسٹریٹجک تعلقات کو اہمیت دیتا ہے اور چاہتا ہے کہ یہ تعلقات ڈویلپمنٹ پارٹنرز کے طور پر استوار ہوں۔ ہم تیل، گیس اور قابل تجدید توانائی کے شعبوں میں مشترکہ منصوبوں کو تلاش کرنے کے خواہاں ہیں تاکہ پائیدار ترقی اور عوام کے لیے سستی توانائی کو یقینی بنایا جاسکے۔" وفاقی وزیر نے امریکی ناظم الامور کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے اگلے ہفتے ہونے والے پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم میں امریکی اعلیٰ سطحی وفد کی شرکت کے لیے ذاتی طور پر کاوش کی۔ اس فورم میں امریکہ کے ایکٹنگ اسسٹنٹ سیکرٹری برائے جنوبی و وسطی ایشیا مسٹر ایرک میئر شرکت کریں گے، جو طویل عرصے بعد اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ سیکرٹری لیول کا ایک اہم دورہ ہوگا۔ نیتالی بیکر نے پاکستان کی معاشی بحالی اور اہم اصلاحات کے کامیاب عمل کو سراہا۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف اور ان کی کابینہ کو اس کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔ ان کا کہنا تھا کہ "امریکہ کا پاکستان کے ساتھ سیکیورٹی کے شعبے میں مثبت تعاون جاری ہے۔ صدر ٹرمپ نے اپنے پہلے خطاب میں وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان کی سیکیورٹی کاوشوں کو سراہا۔ اب وقت آگیا ہے کہ اس تعلق کو وسعت دی جائے اور اسے ایک نئی سطح پر لے جایا جائے۔" انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں اصلاحات کے راستے پر پاکستان کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات کا اختتام باہمی توانائی کے اہداف کو آگے بڑھانے اور پاک-امریکہ تعاون کے نئے راستوں کو تلاش کرنے کے مشترکہ عزم پر ہوا۔

بقیہ نمبر30

زراعت، صنعت اور تجارت کے لیے خوش آئند ہے۔ حمزہ شہباز نے کہا کہ ملکی ترقی کا سفر شروع ہوا چاہتا ہے جو صرف نیک نیتی، محنت اور قابلیت کی بدولت ممکن ہوا ہے۔

بقیہ نمبر31

جس میں صحت مند زندگی گزارنے کی سنہری اصولوں بارے آگاہی دی جائے گی جبکہ اخبارات خصوصی مضامین شائع کریں گے۔ دنیا بھر میں صحت کا عالمی دن سب سے پہلے 1950ء میں منایا گیا 1948ء میں عالمی ادارہ صحت (WHO) کے ذیلی ادارے ہیلتھ اسمبلی نے ہر سال 7 اپریل کو صحت کا عالمی دن منانے کی منظوری دی جس کے بعد دنیا بھر میں 7 اپریل کو "ورلڈ ہیلتھ ڈے" منایا جاتا ہے۔

بقیہ نمبر32

کے جنوبی حصے میں ٹھوکر نیاز بیگ کے قریب قائم کیا جائے گا، منصوبے پر مجموعی طور پر 90 کروڑ 90 لاکھ روپے لاگت آئے گی، محکمہ ٹرانسپورٹ پنجاب نے 48 کنال 16 مرلے اور 150 مربع فٹ زمین حاصل کرنے کیلئے باضابطہ مراسلہ لکھ دیا، اراضی خالصتاً الیکٹرک بسوں کیلئے مخصوص کی جائے گی۔ چارجنگ انفراسٹرکچر، ورکشاپس اور پارکنگ سمیت دیگر ضروری سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی، یہ شہر لاہور میں الیکٹرک بسوں کیلئے قائم کیا جانے والا دوسرا بس ڈپو ہوگا، اس سے قبل جناح بس ڈپو گرین ٹاؤن میں فعال کیا جا چکا ہے، نیا ڈپو اپنی وسعت اور گنجائش کے لحاظ سے سب سے بڑا ہوگا، یہ ڈپو شہر میں مستقبل میں آنے والی تمام نئی الیکٹرک بسوں کو چارج کرنے کی بنیادی سہولت فراہم کرے گا۔ حکومت پنجاب نے ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کو منصوبے پر کام شروع کرنے کی ہدایت کر دی۔

بقیہ نمبر33

کا عالمی دن صحت مند طرز زندگی کو فروغ دینے کی اہمیت کو بھی اجاگر کر رہا ہے۔ بین الاقوامی اولمپک کمیٹی زیادہ سے زیادہ لوگوں تک کھیلوں کی رسائی دینے پر زور دے رہی ہے۔ بین الاقوامی اولمپک کمیٹی اور اقوام متحدہ کھیلوں کو سماجی تبدیلی کے اہم عنصر کے طور پر استعمال کرنے میں عزم رکھتے ہیں اور اس حوالہ سے کئی منصوبوں پر کام کیا گیا ہے اور ہو رہا ہے۔ 23 اگست 2013 کو اقوام متحدہ نے ترقی اور امن کے لیے کھیلوں کا عالمی دن ہر سال 6 اپریل کو منانے کا فیصلہ کیا تھا جو 1896 میں ایتھنز میں پہلے جدید اولمپک گیمز کے آغاز کا دن تھا۔

بقیہ نمبر34

بناتی ہے جو ایل پی جی ری فلنگ اور یہ منی پٹرول پمپس کیخلاف سخت قانونی کارروائی کرے گی۔ پنجاب روڈ اینڈ سیفٹی ڈیپارٹمنٹ سڑکوں کی ڈیزائننگ اور برجز کے دونوں اطراف پر وال لگانے کی نشاندہی کیساتھ ساتھ وال لگانے کا کام بھی کریں گے تاکہ سڑکوں پر حادثات کی روک تھام کی جا سکے۔ نان کسٹم گاڑیوں کے خلاف کارروائی کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنر نے ایکسائز، ٹریفک سیکرٹری ڈی آر ٹی اے، اور پولیس پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی ہے جو غیر قانونی گاڑیوں اور ورکشاپس جہاں پر منی ڈالے تیار کیے جاتے ہیں کیخلاف قانونی کارروائی کریگی۔ اس سلسلے میں ملتان روڈ پر ایک چیکنگ پوائنٹ بنایا جائے گا۔ تمام اے سیز نے اپنے اپنی تحصیلوں میں تجاوزات آپریشنز بارے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو روزانہ کی بنیاد پر شہر سمیت ضلع بھر میں تجاوزات کے مکمل خاتمہ کی رفتار کو مزید تیز کرنے کا حکم دیا اور مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنرز، میونسپل کمیٹیز اور سیکرٹری آر ٹی اے کو ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے مل کر آپریشن کرنے کی ہدایت جاری کی۔ مدارس کی رجسٹریشن کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اور نان رجسٹرڈ مدارس کو جلد از جلد رجسٹر کروانے کی بھی ہدایت جاری کی۔ ایس ای لیسکو نے بجلی چوری، ریکوری اور بجلی کی چوری کی روک تھام کے کئے کیے گئے اقدامات کے حوالے سے تفصیلاً بریفنگ دی۔

بقیہ نمبر35

ڈکیتی کی وارداتیں کرتے رہے ہیں۔ گینگ کے قبضہ سے 15 عدد موٹر سائیکل سمیت کل نقدی 29 لاکھ 63 ہزار برآمد کر لی گئی۔ ملزمان ڈکیتی کی متعدد وارداتوں کے مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھے۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر36

سے رپورٹس جمع کی گئی ہیں، بلیک لسٹ کمپنی کو سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی دینا بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ عدالت نے دلائل سننے کے بعد محکمہ صحت کے کروڑوں روپے مالیت کے ٹینڈر کو غیر شفاف، امتیازی اور کالعدم قرار دیتے ہوئے حکم نامہ جاری کیا کہ ٹینڈر شرائط سے اہم شق جان بوجھ کر حذف کی گئی جو کہ مخصوص کمپنی کو فائدہ پہنچانے کی منظم کوشش ہے۔ عدالت نے متعلقہ کمپنی کو دیئے گئے ٹینڈر کو فوری منسوخ کرنے کی ہدایت کی اور ادویات کی خریداری کا عمل ازسرنو قانون کے مطابق شروع کرنے کا حکم دیا۔ حکم نامہ میں مزید کہا گیا کہ عوامی فنڈز سے خریداری میں شفافیت اور منصفانہ مقابلہ یقینی بنائے، عدالت نے بلیک لسٹ کمپنی کو نوازنا انسانی زندگیوں سے کھیلنے کے مترادف قرار دیا۔

بقیہ نمبر37

پر اتھارٹی سے ملتے جلتے ناموں سے بنائے گئے جعلی پیجز، ویب سائٹس اور جعلی ایڈریس سے بھیجی جانے والی ای میلز اور میسجز سے خبردار رہیں کیونکہ کچھ فراڈ عناصر جعلسازی کی مختلف سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ یہ عناصر شہریوں کو نادرا سے متعلق خدمات میں معاونت کا جھانسہ دے کر ان کی شناختی معلومات اور فنگر پرنٹس حاصل کر لیتے ہیں اور ان کی پراپرٹیز اور بینک اکاؤنٹس تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ نادرا نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ شناختی دستاویزات کے لئے نادرا پاک آئی ڈی موبائل ایپ استعمال کر کے اپنا قیمتی وقت اور رقم بچائیں اور حساس معلومات کا تحفظ یقینی بنائیں۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ نادرا ایف آئی اے کے ساتھ مل کر جعلسازوں کے خلاف کارروائی کیلئے ان کا سراغ لگا رہا ہے لہذا شہریوں سے درخواست ہے کہ وہ ان عناصر کی اطلاع ہمارے ہیلپ لائن نمبر 1777 پر دیں۔

بقیہ نمبر38

واٹر ایمرجنسی نافذ کرے، اخبار میں اشتہار دینے سے صرف اخبار والوں کو فائدہ ہوتا ہے، پانی کے ضیاع پر کریک ڈاؤن کرنا ضروری ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے ریمارکس دیئے کہ بڑی سوسائٹیوں کو پانی کے حوالے سے فائنل وارننگ دیں، جس جگہ پر پائپ سے گاڑیاں دھوتے نظر آئیں اس سوسائٹی کو سیل کر دیں، پانی کے ضیاع کی خلاف ورزی پر ہاسنگ سوسائٹی کو پہلا فائن ایک لاکھ اور دوسرا پانچ لاکھ کا کریں، اس کے بعد خلاف ورزی ہو تو مینجمنٹ کمیٹی کو معطل کر دیا جائے۔ عدالت نے مزید کہا کہ لاہور کا پانی بہت تیزی سے نیچے جا رہا تھا، ہم نے بہت محنت سے اس کا لیول رکوایا ہے، اس محنت کو ضائع نہیں ہونے دیں، ایک عرصے بعد موسم بدل رہا ہے، بڑی عمارتوں میں واٹر ری سائیکل پلانٹ لگائیں جائیں پانی کو ضائع ہونے سے بچانا ہمارے لئے بھی ضروری ہے اور ہمارے آنے والے بچوں کے لئے بھی ضروری ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے ریمارکس دیئے کہ دیہاتوں میں بھی واٹر ایمرجنسی لگانے کی ضرورت ہے، اگر ہمارے ملک میں مون سون نہ ہوتا تو ہم قحط میں رہ رہے ہوتے۔ عدالت عالیہ نے ڈی جی پی ڈی ایم اے کو ہدایت کی کہ واٹر ایمرجنسی کے حوالے سے اداروں کو لکھیں، اگر کوئی عملدرآمد نہیں کرتا آپ میرے پاس آئیں۔ لاہور ہائیکورٹ نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر ایف آئی آر کی بجائے بھاری جرمانوں کی تجویز دیتے ہوئے کارروائی آئندہ ہفتے تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر39

سرخ مرچ 540 روپے، خشک دھنیا پاؤڈر 570 روپے کلو جبکہ سبز الائچی 6 ہزار روپے میں فروخت ہونے لگی۔ اسی طرح زیرہ 1800 روپے، کالی مرچ ساڑھے 1600 روپے، دارچینی 900 روپے، بڑی الائچی 6 ہزار 400 روپے، لونگ ساڑھے 3 ہزار روپے، اجوائن 380 روپے، تیز پتہ 650 روپے اور ہلدی 890 روپے کلو تک بک رہی۔ فیصل آباد گھنٹہ گھر کے گرد و نواح میں موجود خریداروں کا کہنا تھا کہ ابھی یہ ہول سیل مارکیٹ ہے اور یہاں قیمتیں آسمان پر ہیں، گھر کی ضرورت کیلئے چند مصالحے خریدے ہیں اور 10 ہزار روپے بل بن گیا ہے، یہی سامان پہلے 3 سے 4 ہزار روپے میں مل جاتا تھا اب مسلسل مہنگا ہو کر 10 ہزار تک پہنچ گیا ہے۔

بقیہ نمبر40

نظر انداز کیا جائے تاکہ ہمارے مخالفین اس سے فائدہ نہ اٹھا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مخالفین کو یہی فکر لاحق ہے کہ ان کی بھرپور سازشوں اور بانی پی ٹی آئی کے جیل کی سلاخوں کے پیچھے ہونے کے باوجود پی ٹی آئی تتر بتر کیوں نہیں ہوئی، مضبوط اتحاد کا مظاہرہ کریں گے تو سازشی عناصر ایسے ہی منہ کی کھائیں گے۔

بقیہ نمبر41

عملی مہینہ ہیں، رمضان گزر جانے کے بعد بھی غربا پر ترس، پریشان حال لوگوں سے حسن سلوک کی کوشش کی جانی چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک اپنی تمام تر رحمتوں اور برکتوں کے ساتھ آیا اور بڑی تیزی سے ہمارے درمیان سے رخصت بھی ہوگیا۔ یہ مہینہ ایک مسلمان کو ایمانی اور عملی طور پر عروج اور بلندی عطا کرتا ہے ان میں وہ یقین اور ایمان پیدا کرتا ہے جو مسلمانوں کا عظیم سرمایہ ہے اور جو اسلام میں مطلوب اور مقصود ہے۔ عملی طور پر بھی ان میں وہ جذبہ پیدا کیا جاتا ہے کہ اگر رمضان کے بعد بھی اسی رفتار سے سفر جاری رکھا جائے تو آخرت کی منزل آسان ہو جائیگی۔ ہمیشہ کی زندگی میں وہ راحت نصیب ہوگی جس کا آج تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ نمبر42

کی قیمتوں میں کمی سے ڈومیسٹک، کمرشل اور صنعتی صارفین کو بڑا ریلیف ملا ہے، اس اقدام سے جہاں پیداواری سرگرمیاں عروج پکڑیں گی وہیں لاگت کم ہونے سے عوام کی قوت خرید بھی بحال ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت نے انتہائی سخت حالات کے باوجود ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا اور روپے کو استحکام دیا جس سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا، بجلی کی قیمتوں میں کمی بہت بڑا ریلیف ہے جس کے دور رس نتائج برآمد ہوں گے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ ٹیکسز کی شرح کو بھی سنگل ڈیجٹ میں لایا جائے گا جس سے کاروباری برادری کو مزید ریلیف ملے گا اور عوام بھی سکھ کا سانس لیں گے۔

بقیہ نمبر43

اور جوائنٹ سیکرٹری احمد رضا نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ ٹیکسیشن کے نظام میں جس پیمانے پر اور جس رفتار سے اصلاحات کی ضرورت ہے اس کے مطابق پیشرفت نہیں کی جا رہی اور یہی وجہ ہے کہ ہر طرح کا حربہ استعمال کرنے کے باوجود ٹیکس محصولات میں شارٹ فال آ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کے سٹرکچر میں بے پناہ خامیاں ہیں جس کے لئے اس کی جامع سٹڈی رپورٹ کی تیاری کے بعد از سر نو تعمیر کرنا ہوگی بصورت دیگر اسی طرح کے نتائج آئیں گے جو اب آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کے افسران اور عملے کی مانیٹرنگ کا کوئی نظام نہیں جس کی وجہ سے خوف و ہراس کی فضا بنی ہوئی ہے۔ غلط اسیسمنٹ اور نوٹسز پر فوری اپیل کا کوئی پلیٹ فارم میسر نہیں جہاں سے ریلیف مل سکے۔

بقیہ نمبر44

اور پاکستان کو 5 فیصد مسابقتی حاصل ہوگی۔ بنگلہ دیش کے مقابلے میں پاکستان کو 8 فیصد، سری لنکا کے مقابلے میں 15 فیصد مسابقتی برتری حاصل ہو گی۔ نیپال، بھوٹان، مالدیپ اور افغانستان کو پاکستان پر 19 فیصد مسابقتی برتری حاصل ہوگی۔

بقیہ نمبر45

سے زائد شہریوں نے لرنگ ڈرائیونگ لائسنس بنوائے۔ 2 لاکھ 50 ہزار سے زائد شہریوں نے ریگولر ڈرائیونگ لائسنس بنوائے۔ 2 لاکھ 11 ہزار سے زائد شہریوں نے لرنگ اور ریگولر لائسنس کی تجدید کروائی۔ 4 ہزار 300 سے زائد شہریوں کو انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے۔ 4600 سے زائد شہریوں نے اینڈ وزمینٹ کیٹگری میں اپنے لائسنس کو اپ گریڈ کروایا۔ 2 ہزار 300 سے زائد شہریوں نے اپنے گم شدہ لائسنس کو دوبارہ حاصل کیا۔ 95 ہزار 500 سے زائد شہریوں نے بذریعہ آن لائن لائسنس کی سہولت سے فائدہ اٹھایا۔ گزشتہ ماہ 12 ہزار 300 سے زائد خواتین نے ڈرائیونگ لائسنس بنوائے۔ 24 سے زائد ٹرانس جینڈرز کو بھی ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے۔ گزشتہ ماہ ٹریفک پولیس نے 65 ہزار 440 کمرشل گاڑیوں کے اور 6 لاکھ 29 ہزار نان کمرشل گاڑیوں کے لائسنس جاری کیے۔ ماہ صیام میں ٹریفک پولیس نے تسلسل کے ساتھ شہریوں کو لائسنسنگ سہولیات فراہم کی۔ ایڈیشنل آئی جی مرزا فاران بیگ نے کہا کہ ٹریفک پولیس شہریوں کے لیے بہترین لائسنسنگ سہولیات مہیا کر رہی ہے، ٹریفک پولیس اٹ ریچ پروگرام کے تحت قصبوں دیہاتوں اور اون ڈور لائسنسنگ سہولیات فراہم کر رہی ہے۔ شہری لائسنس کے حصول کیلئے خدمت مراکز لائسنسنگ سینٹر آن لائن لائسنسنگ پورٹل سے فائدہ اٹھائیں۔

بقیہ نمبر46

قریب تیز رفتاری کے باعث بے قابو ہو کر الٹ گئی جس کے نتیجہ میں 2 افراد چکوال کا عتیق الرحمن اور 7 سالہ فہیم فاطمہ جاں بحق جبکہ 4 افراد 45 سالہ فرناز امیر، 50 سالہ محمد طارق، 16 سالہ خیام علی، 16 سالہ امان علی شدید زخمی ہو گئے جن کو ریسکیو کر کے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پنڈی بھٹیاں منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر47

کی قیمت، پھر اس پر ٹیکس اور پھر ایک لیوی جو پہلے 60 روپے تھی، پھر 70 روپے کر دی اور اب کہتے ہیں 80 روپے کریں گے، اس طرح تو آپ ایک ہاتھ دے کر دوسرے سے لینے کی بات کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک پیٹرول سستا نہیں ہوگا، جب تک بجلی کی قیمت مزید کم نہیں ہوگی، تو صنعتیں کیسے چلیں گی اور عام آدمی کیسے پنپ سکے گا۔ حافظ نعیم نے کہا کہ ماضی میں جو کچھ ہوتا رہا اس میں ہر حکومت شامل رہی، (ن) لیگ، پی ٹی آئی اور پی ڈی ایم سمیت تمام حکومتوں نے آئی پی پیز کو مدد فراہم کی، پاکستان کے ساتھ کھلواڑ کرنے والوں کو قوم کے سامنے لانا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ جاگیردار طبقہ خود اپنی مراعات میں اضافہ کر رہا ہے، عام آدمی اور تنخواہ دار لوگ سب سے بڑے ٹیکس دہندہ ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے احتجاج کیا تھا کہ تنخواہ دار طبقے پر کم سے کم ٹیکس ہونا چاہیے، ہم نے حکومت کو بھاگنے نہیں دیا، پُرامن احتجاج کیا اور معاہدہ کیا۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ان آئی پی پیز کو فکس کیا جائے اور ان بااثر لوگوں کے نام سامنے لائیں، یہ چند سو لوگ ہیں جو ہزاروں ارب کما چکے ہیں، ان سے ٹیکس نہیں لیا جاتا، 2019 تک ان کا ریکارڈ آتا تھا، پی ٹی آئی کی حکومت میں ریکارڈ آنا بند ہوا، خود حکمران طبقے کا اعمال نامہ سامنے آئے گا اس لیے ایسا نہیں کیا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ تنخواہ دار طبقہ سب سے زیادہ ٹیکس دے رہا ہے، تنخواہ دار طبقہ 500 ارب روپے ٹیکس جمع کرائے گا جبکہ جاگیردار طبقہ صرف 5 ارب روپے ٹیکس جمع کرائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے دھرنے میں یہ مطالبہ بھی کیا تھا کہ ٹیکس سلیب کو ریوائز ہونا چاہیے، آئی پی پیز ٹیکس بھی ادا نہیں کرتے، آئی پی پیز کو ٹیکس سے استثنیٰ دے دیا جاتا ہے، ہمیں معلوم ہے کہ آئی پی پیز والے کون لوگ ہیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ حکومت کو پیٹرول کی قیمت بھی کم کرنی چاہیے، عالمی مارکیٹ میں پیٹرول کی قیمت میں کمی کا فائدہ پاکستان کے عوام کو ملنا چاہیے، تاہم حکومت پیٹرولیم مصنوعات پر لیوی میں اضافہ کر دیتی ہے جو قابل قبول نہیں۔

بقیہ نمبر48

ان معلومات کے حصول کیلئے شہری پریزنر کمپیوٹر نمبر لکھ کر 8070 پر میسج کریں۔ محکمہ داخلہ کے جوابی میسج میں قیدی کو ملنے والی گزشتہ دو معافیوں کی تفصیل اور رہائی کی تاریخ دی جائے گی۔ یہ تمام معلومات صرف ایک میسج پر دستیاب ہیں جس کے سٹینڈرڈ چارجز پانچ روپے ہیں۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ جیل قوانین کے مطابق قیدیوں کی سزا میں کمی یا معافی کی کئی صورتیں ہیں۔ سرکاری سطح پر معافی کے اعلان کے علاوہ تعلیم، تکنیکی صلاحیت کے حصول اور اچھے کردار پر سزا میں معافی دی جاتی ہے۔ سزا میں ہر معافی کو فوری طور پر قیدی کے ریکارڈ کا حصہ بنایا جانا ضروری ہے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل نے جدید سسٹم کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں کہا کہ اب قیدیوں یا اہل خانہ کو سزا میں معافی کا ریکارڈ حاصل کرنے میں کوئی دشواری نہیں ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ قیدیوں کی سزا میں معافی اور رہائی کا تمام ڈیٹا شفاف انداز میں آن لائن کر دیا گیا ہے۔ ایسا جدید سسٹم تیار کیا گیا تا کہ کسی قیدی کو مقررہ سزا سے ایک لمحہ بھی اضافی قید میں نہ رکھا جائے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے بتایا کہ قیدیوں کی سزا میں معافی کا ریکارڈ بروقت اپڈیٹ کرنے کیلئے قواعد وضوابط جاری کیے ہیں۔ محکمہ داخلہ کے ڈائریکٹوریٹ آف مانیٹرنگ کو ہدایت کی ہے کہ جیلوں میں سرپرائز وزٹ کریں اور وزیراعلیٰ پنجاب کے پریزن ریفارم ایجنڈا پر من وعن عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی سطح پر قواعد کی خلاف ورزی کی صورت میں سخت ایکشن لیا جائے گا۔ محکمہ داخلہ پنجاب میں اس جدید سسٹم کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی جس میں سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل کے ہمراہ سپیشل سیکرٹری فضل الرحمان، ایڈیشنل سیکرٹری پریزن عاصم رضا، چیئرمین پنجاب چیریٹی کمیشن کرنل شہزاد عامر، ایڈیشنل سیکرٹری جوڈیشل عمران رانجھا، ایڈیشنل سیکرٹری فارن نیشنل سکیورٹی عظمیٰ سلیم و دیگر نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر49

تھانہ شاہدرہ میں درخواست بھی جمع کرادی۔

بقیہ نمبر50

گواہ ہے کہ جب بھی مسلم لیگ (ن) کی حکومت آئی اس نے نہ صرف ملک کو بحرانوں سے نکالا بلکہ عوام کو بھی حقیقی ریلیف دیا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے مشکل فیصلوں کے ذریعے اپنی سیاست کی قربانی دے کر ملک کو ڈیفالٹ سے بچا کر حقیقت میں ریاست کو بچایا۔ حکومت نے جو مشکل فیصلے کئے آج الحمدللہ اس کے ثمرات بجلی کی قیمتوں اور مہنگائی میں تاریخی کمی کی صورت میں سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں۔ وفاقی اور پنجاب حکومت کی جانب سے ملک اور عوام کے لئے جو تاریخی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے عوام سے جو بھی وعدے کئے انہیں اقتدار میں آ کر پورا کیا، حکومت کو بے پناہ گھمبیر چیلنجز کا سامنا تھا لیکن پارٹی قائد نواز شریف کی رہنمائی میں وزیراعظم شہباز شریف کی سربراہی میں حکومت نے نہ صرف ان پر قابو پایا بلکہ آج معیشت کے تمام اشاریے مثبت سمت میں گامزن ہیں۔ بجلی کی قیمتوں میں تاریخی کمی سے صنعتی سرگرمیاں عروج حاصل کریں گی، پیداواری لاگت کم ہونے سے عوام کو بھی ریلیف ملے گا۔

بقیہ نمبر51

کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر52

موٹر ٹیکس میں 100 فیصد کے قریب پہنچ گئے ہیں، پراپرٹی ٹیکس میں بہتری کیلئے بڑے ڈیفالٹرز کی گرفتاریوں کا حکم دیا گیا۔ ریکوری ہدف حاصل نہ کرنے والے انسپکٹرز اور ای ٹی اوز کو عہدوں سے ہٹایا جائے گا، گزشتہ ماہ 3 ارب کی ڈیفالٹرز 77 ہزار پراپرٹیز کو سربمہر کر کے ابتک 1 ارب سے زائد کی وصولی کی۔ انہوں ںے کہا کہ سربمہر پراپرٹیز کو خود ڈی سیل کرنے والوں کے خلاف درجنوں مقدمات درج کرائے گئے، ڈائریکٹرز بھی وصولی کے لئے خود 2 ماہ میں فیلڈ میں موجود رہیں۔

بقیہ نمبر53

دیا۔ مریم نوازشریف نے پنجاب بھر میں دکانوں، پٹرول پمپس اور فیکٹریوں میں کم از کم اجرت کی ادائیگی یقینی بنانے کی ہدایت کی اور صوبہ بھر میں لیبر رجسٹریشن بڑھانے کا حکم دے دیا۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ دکانوں، ورکشاپوں اور چھوٹے انڈسٹریل یونٹ میں کام کرنے والے ورکرز کی رجسٹریشن کی جائے گی۔ مریم نوازشریف نے انڈسٹریل یونٹس میں لیبر کے لئے ورکنگ کنڈیشن بہتر بنانے کا حکم دیا، انہوں نے ورکرز کو کام کے لئے صاف ستھرے اور صحت مند ماحول کے مواقع فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے لیبر کے لئے راشن کارڈ پروگرام کا جامع پلان بھی طلب کرلیا۔

حق دو کراچی کو
Haq Do Karachi Ko
جماعت اسلامی

کراچی: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن ادارہ نورحق میں پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

لاہور میں الیکٹرک بسوں کیلئے نیا چارجنگ سٹیشن اور بس ڈپو بنانے کا فیصلہ

ٹھوکر نیاز بیگ میں واقع موضع نیاز بیگ میں 990 ملین روپے کی لاگت سے منصوبہ قائم کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) لاہور میں الیکٹرک بسوں کے لئے نیا چارجنگ سٹیشن اور بس ڈپو بنانے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ٹھوکر نیاز بیگ میں واقع موضع نیاز بیگ میں 990 ملین روپے کی لاگت سے منصوبہ قائم کیا جائے گا، ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کو لاہور میں الیکٹرک بسوں کیلئے ڈپو بنانے کی ذمہ داری تفویض کردی گئی۔ تفصیلات کے مطابق بس فلیٹ کو چارجنگ کی سہولت فراہم کرنے کے لئے نیا بس ڈپو اور چارجنگ سٹیشن تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، بس ڈپو شہر (بقیہ نمبر 32)

ڈپٹی کمشنر عمران علی کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا جائزہ اجلاس

تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو روزانہ کی بنیاد پر شہر سمیت ضلع بھر میں تجاوزات کے مکمل خاتمہ کی رفتار کو مزید تیز کرنے کا حکم

قصور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر عمران علی کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا جائزہ اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی پی او محمد عیسی خان سکھیرا، ونگ کمانڈر بادی، اے ڈی سی آر، اے ڈی سی جی، اسسٹنٹ کمشنرز، ایس ای لیسکو اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے سربراہان نے شرکت کی۔ کمیٹی میں نو ایجنڈوں کے حوالے سے جائزہ لیا گیا۔ سول ڈیفنس نے غیر قانونی پٹرول پمپس، منی پٹرول پمپس، ایل پی جی ری فلنگ اسٹیشنز کی نشاندہی کی۔ جس پر ڈی سی نے ایک سول ڈیفنس، اے سی اور پولیس پر مشتمل ایک کمیٹی (بقیہ نمبر 34)

محکمہ صحت خیبر پختونخوا کا کروڑوں روپے مالیت کا ٹینڈر کالعدم

بلیک لسٹ کمپنی کو نوازنا انسانی زندگیوں سے کھیلنے کے مترادف ہے، پشاور ہائی کورٹ نے ٹینڈر کو مخصوص کمپنی کو فائدہ پہنچانے کی منظم کوشش قرار

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا محکمہ صحت کا کروڑوں روپے مالیت کا ٹینڈر کالعدم قرار دیتے ہوئے حکم نامہ جاری کر دیا جبکہ حکمنامے کے مطابق عدالت نے ٹینڈر کو مخصوص کمپنی کو فائدہ پہنچانے کی منظم کوشش قرار دیا۔ پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس ارشد علی اور جسٹس خورشید اقبال نے خیبر پختونخوا میں ادویات خریداری ٹینڈر کیس پر حکم نامہ جاری کر دیا۔ کیس کی سماعت کے دوران وکیل درخواست گزار شائل احمد بٹ نے عدالت کو بتایا کہ فرنٹیئر ڈیکسٹوز لمیٹڈ کو جعلی اور غیر معیاری ادویات پر بلیک لسٹ کیا گیا، بلیک لسٹڈ کمپنی کو ادویات کی فراہمی دینا انسانی جانوں سے کھیلنے کے مترادف ہے، جعلی ادویات کی روک تھام کیلئے ٹیسٹنگ لیبارٹریوں (بقیہ نمبر 36)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں صحت کا عالمی دن ''ورلڈ ہیلتھ ڈے'' 7اپریل کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں صحت کا عالمی دن ''ورلڈ ہیلتھ ڈے'' 7اپریل کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد دنیا بھر کے لوگوں کو صحت کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہے۔ اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں وزارت صحت، محکمہ صحت پنجاب، پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن، دیگر طبی تنظیموں اور این جی اوز کے زیر اہتمام تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا (بقیہ نمبر 31)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں کھیلوں کا عالمی دن 6اپریل کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں کھیلوں کا عالمی دن 6 اپریل کو منایا جائے گا۔ اس دن کو منانے کا مقصد فیصل آباد سمیت دنیا بھر میں امن کے فروغ میں کھیلوں کے اہم کردار کو اجاگر کرنا ہے۔ کھیل تمام ثقافتوں میں خیر سگالی، صحت مندانہ مقابلہ اور تعاون کے حصول کا ایک مثبت طریقہ ہے۔ کھیلوں (بقیہ نمبر 33)

فیصل آباد پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث پانچ رکنی ڈکیت گینگ گرفتار

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد پولیس نے موٹر سائیکل ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث پانچ رکنی ڈکیت گینگ کو گرفتار کرلیا۔ موٹر سائیکل چوری، ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان سرغنہ عادل، رانا عمر حیات، حسنین، عامر اور ندیم کو گرفتار کرلیا۔ ڈکیت گینگ ضلع فیصل آباد کے مختلف علاقوں میں (بقیہ نمبر 35)

نادرا کی شہریوں کو جعلسازوں سے ہوشیار رہنے کی تنبیہ

مکوآنہ (این این آئی) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے شناختی کارڈز و دیگر دستاویزات بنوانے والے شہریوں کو جعلسازوں سے ہوشیار رہنے کی تنبیہ کردی۔ ترجمان نے بتایا کہ ادارے کی طرف سے عوام کو خبردار کیا گیا ہے کہ وہ انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا (بقیہ نمبر 37)

لاہور ہائیکورٹ کی پنجاب حکومت کو ایک بار پھر واٹر ایمرجنسی نافذ کرنے کی تجویز

ہاؤسنگ سوسائٹیز کو پانی ضائع کرنے پر ایک لاکھ سے 5 لاکھ تک جرمانے کریں، جسٹس شاہد کریم کے ریمارکس

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر ایف آئی آر کی بجائے بھاری جرمانوں کی بھی تجویز، مزید سماعت آئندہ ہفتے تک ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب حکومت کو ایک بار پھر واٹر ایمرجنسی نافذ کرنے کی تجویز دے دی جبکہ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ ہاؤسنگ سوسائٹیز کو پانی ضائع کرنے پر ایک لاکھ سے 5 لاکھ تک جرمانے کریں۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے اسموگ اور ماحولیاتی آلودگی کے تدارک کے لیے شہری ہارون فاروق سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کی، دوران سماعت مختلف محکموں نے رپورٹ جمع کرائی۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ چولستان میں واٹر پانی کے بحران کی صورتحال ہے، حکومت کو چاہیے کہ فوری طور پر (بقیہ نمبر 38)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے آئی جی پولیس بلوچستان معظم جاہ انصاری ملاقات کررہے ہیں

لاہور، قاسم والا جنگل میں لگی آگ پر بروقت قابو پالیا گیا، تحقیقات کیلئے کمیٹی تشکیل

آگ نامعلوم شخص کی لاپرواہی کے باعث لگی جس کیخلاف ایف آئی آر درج کروادی گئی ہے، مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) قاسم والا جنگل میں لگی آگ پر بروقت قابو پالیا گیا جس سے ایک بڑا سانحہ ٹل گیا۔ آگ پر قابو پانے میں محکمہ جنگلات، ریسکیو 1122 اور مقامی افراد کی مشترکہ کارروائی نے کلیدی کردار ادا کیا، 100 سے زائد اہلکاروں اور افسران نے ریسکیو مشن میں حصہ لیا، بروقت کارروائی سے صرف چند ایکڑ جھاڑیاں اور 45 چھوٹے درخت متاثر ہوئے۔ محکمہ جنگلات کے مطابق آگ عباسیہ کینال کے قریب بنجر علاقے سے شروع ہوئی جس کی اطلاع پر محکمہ جنگلات نے فوری ایکشن لیا، پھکووال بلاک نمبر 1 کی آگ پر رات 10 بجے مکمل قابو پالیا گیا جبکہ بلاک نمبر 2 کی آگ رات بھر کی کوششوں کے بعد صبح 9 بجے بجھادی گئی۔ سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے کہا کہ فیلڈ سٹاف کی انتھک محنت کے نتیجے میں بروقت کارروائی ممکن ہوئی، آگ بجھانے میں حصہ لینے والے تمام اہلکاروں اور افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

لاہور پاکستان ٹریڈرز اینڈ مینوفیکچررز الائنس کے پیٹرن انچیف چوہدری ظفر محمود دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کررہے ہیں

لاہور، دورانِ پی ایس ایل سکولوں کے اوقاتِ کار تبدیل، نوٹیفکیشن جاری

نئے اوقات کار کا اطلاق قذافی اسٹیڈیم اور ملحقہ علاقوں میں قائم سکولوں پر ہوگا

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کے دسویں ایڈیشن کے دوران لاہور کے قذافی اسٹیڈیم اور ملحقہ علاقوں میں اسکولوں کے اوقات کار تبدیل کردیئے گئے۔ محکمہ تعلیم پنجاب کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق نئے اوقات کار کا اطلاق قذافی اسٹیڈیم اور ملحقہ علاقوں میں قائم اسکولوں پر ہوگا، نئے اوقات کا اطلاق گلبرگ، ماڈل ٹاؤن، اچھرہ، جیل روڈ اور فیروز پور روڈ کے اسکولوں پر بھی ہو گا۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ نئے اوقات کار کا اطلاق شادمان، کینال روڈ، ایرپال، ظہور الٰہی روڈ کے اسکولوں پر بھی ہوگا، ان مخصوص علاقوں میں اسکول صبح 7 بجے سے 12 بجے تک کھلیں گے۔ نوٹیفکیشن میں پی ایس ایل کے میچز کا 28 مارچ سے 21 اپریل تک کا شیڈول بھی جاری کیا گیا ہے۔ لاہور میں پی ایس ایل کے میچز 24 اپریل سے 18 مئی تک مختلف دنوں میں شیڈولڈ ہیں۔ لاہور میں ہونے والے تمام پی ایس ایل میچز ڈے نائٹ ہوں گے اور شام 7 بجے شروع ہوں گے۔

پیپلز لائرز فورم خانیوال کی زیر اہتمام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی برسی کی تقریب

پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کا شہید ذوالفقار علی بھٹو کی برسی پر خراجِ عقیدت

خانیوال (بیورو چیف) پیپلز لائرز فورم خانیوال کے زیر اہتمام شہید ذوالفقار علی بھٹو قائد عوام کی برسی کی تقریب ڈسٹرکٹ بار خانیوال میں ہوئی۔ تقریب کی صدارت ضلعی صدر پیپلز لائرز فورم شیخ محمد یوسف ایڈووکیٹ خانیوال نے کی۔ مقررین نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ملک و قوم کے لئے وہ کام کئے جو کسی بھی پاکستانی رہنما نے نہیں کئے۔ اج بھی پوری دنیا بھٹو شہید کی معرف ہے۔ بھٹو کے بعد شہید بے نظیر بھٹو نے صحیح سیاست کی۔ اب چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ثابت کیا کہ وہ انکے جان نشین ھیں، پاکستان پیپلز پارٹی واحد جماعت ھے جو عوامی ھے۔ جس نے جمہوریت کی بحالی کے لیے اور آمریت کے خلاف جدو جہد کی۔ تقریب میں سید کرار حیدر شاہ ضلعی نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی خانیوال، محمد اعظم خان سنیئر نائب صدر پی پی پی خانیوال، محمد اکرام عابد سابق جنرل سیکرٹری پی پی خانیوال سٹی، جمیل حسین ھنجرا ایڈووکیٹ غلام مصطفی پہوڑ ایڈووکیٹ، سید عمار حیدر شاہ ایڈووکیٹ، مہر آمین سیال ایڈووکیٹ، سردار مستنصر باللہ ایڈووکیٹ، غضنفر حسین گجر، و دیگر نے شرکت کی۔

فیصل آباد میں مصالحوں کو بھی مہنگائی کا تڑکا، خشک مصالحہ جات عوام کی پہنچ سے دور

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں مصالحوں کو بھی مہنگائی کا تڑکا لگ گیا، خشک مصالحہ جات عوام کی پہنچ سے دور ہوگئے۔ سبزیاں، دالیں یا مرغن پکوان بننے آسان نہ رہے، خشک مصالحہ جات ہر ہنڈیا کا لازمی جز لیکن مہنگائی نے اس بنیادی ضرورت کو بھی قوت خرید سے باہر کر دیا۔ خشک مصالحہ جات میں گرم مصالحہ مکس 2000 روپے کلو پر جا پہنچا، (بقیہ نمبر 39)

کل تاجر اور صنعتکاروں کے شکریہ کے فون آئے، فاروق ستار

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ کل تاجر اور صنعتکاروں کی جانب سے شکریہ کے فون آئے۔ اپنے ایک بیان میں فاروق ستار نے کہا کہ گزشتہ روز وزیراعظم پاکستان نے بجلی کی قیمتوں میں مناسب کمی کا اعلان کیا، یہ کمی مختلف قسم کے صارفین کے لیے 12 سے 17 فیصد کی کمی ہے۔ فاروق ستار نے کہا کہ یہ ایک بڑی سہولت ہے جو موجودہ حکومت نے دی ہے،

لاہور، پانی ضائع ہونے پر ہاؤسنگ سوسائٹیوں کیخلاف کارروائی کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے پانی ضائع ہونے پر ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے خلاف کارروائی کا حکم دے دیا۔ اسموگ کے تدارک کے لیے موثر اقدامات نہ کرنے کے خلاف درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ دورانِ سماعت جسٹس شاہد کریم نے کہا کہ پانی ضائع کرنے والی سوسائٹیز کے دفاتر سیل اور مقدمات درج کیے جائیں۔ لاہور ہائی کورٹ نے پانی ضائع کرنے والی ہاؤسنگ سوسائٹیز پر 5 لاکھ روپے تک جرمانہ کرنے کا حکم دے دیا۔

کراچی کے بعد لاہور میں بھی شدید گرمی کی پیشگوئی

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے شہر قائد کے بعد لاہور میں بھی شدید گرمی کی پیشگوئی کردی۔ آئندہ ہفتے لاہور کا درجہ حرارت 40 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچنے کا امکان ہے۔ گرمی کی شدت میں مزید اضافہ اتوار سے ہونے کا امکان ہے۔ آئندہ چند روز تک لاہور میں بارش کا امکان نہیں۔ دوسری جانب محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں آئندہ چندروز میں پارہ 38 سے 40 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں اپریل میں معمول سے زیادہ گرمی پڑے گی۔

8 سالہ بچی کو ورغلا کر زیادتی کی کوشش کرنے والا دکاندار گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں 8 سالہ بچی کو ورغلا کر زیادتی کی کوشش کرنے والا دکاندار گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق نواب ٹاؤن کے علاقے میں 8 سالہ بچی سے زیادتی کی کوشش کا مرتکب ملزم گرفتار کرلیا گیا ہے۔ میرب نامی بچی گھر سے دکان پر چیز لینے گئی تھی، جہاں ملزم نے دکان کے اندر بچی کو ورغلا کر زیادتی کرنے کی کوشش کی۔ بچی کے شور کرنے پر ملزم موقع سے فرار ہوگیا،

قصور: ڈپٹی کمشنر عمران علی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں، ڈی پی او مدعیسیٰ خاں بھی موجود ہیں

گزشتہ ماہ 6لاکھ 95ہزار سے زائد شہریوں نے ڈرائیونگ لائسنس کی سہولیات سے فائدہ اٹھایا، مرزا فاران بیگ

12ہزار 300 سے زائد خواتین، 24 سے زائد ٹرانس جینڈرز کو بھی ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کی ہدایت پر صوبہ بھر میں ڈرائیونگ لائسنس کی فراہمی کا عمل تیزی سے جاری ہے، ٹریفک پولیس پنجاب نے گزشتہ ماہ لائسنسنگ کارکردگی رپورٹ جاری کردی۔ ترجمان کے مطابق گزشتہ ماہ 6لاکھ 95ہزار سے زائد شہریوں نے ڈرائیونگ لائسنس کی سہولیات سے فائدہ اٹھایا۔ 2لاکھ 27ہزار (بقیہ نمبر 45)

امریکی ٹیرف، پاکستان کو خطے کے تین، پانچ ممالک کو پاکستان پر مسابقتی برتری حاصل ہو

بھارت، نیپال، بھوٹان، مالدیپ اور افغانستان کو پاکستان پر مسابقتی برتری حاصل ہوگی، رپورٹ

لاہور (این این آئی) امریکہ کی جانب سے ٹیرف عائد کئے جانے کے بعد پاکستان کو خطے کے 3 ممالک جبکہ پانچ ممالک کو پاکستان پر مسابقتی برتری حاصل ہوگی، بھارت کے مقابلے میں پاکستان کی مسابقتی برتری 3 فیصد کم رہے گی۔ رپورٹ کے مطابق امریکہ کی جانب سے پاکستان پر 29 فیصد ٹیرف عائد کیا گیا ہے جبکہ بھارت کا ٹیرف 26 فیصد ہوگا اس طرح بھارت کو 3 فیصد کی مسابقتی برتری حاصل ہوگی، چین پر 34 فیصد ٹیکس عائد کیا گیا ہے (بقیہ نمبر 44)

ٹیکس محصولات کا ہدف زمینی حقائق کو پیش نظر رکھ کر مقرر کرے، لاہور ٹیکس بار

ایف بی آر کے سٹرکچر میں بے پناہ خامیاں ہیں، صدر شہباز صدیق، جنرل سیکرٹری انیب انصاری

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ حکومت کو آئندہ مالی سال کے لئے ٹیکس محصولات کا ہدف زمینی حقائق کو پیش نظر رکھ کر مقرر کرنا ہوگا، آئی ایم ایف کی شرائط کی وجہ سے حکومت اور معیشت دباؤ کا شکار رہے گی۔ لاہور ٹیکس بار کے صدر شہباز صدیق، جنرل سیکرٹری انیب اختر انصاری، نائب صدر میاں محمد زاہد، فنانس سیکرٹری محمد حسن یوسف (بقیہ نمبر 43)

آل پاکستان انجمن تاجران کا بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا خیر مقدم

سالانہ 600 ارب کی بجلی چوری پر بھی قابو، ٹیکسز کی شرح بھی کم کی جائے، مرکزی صدر اشرف بھٹی

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے وزیر اعظم کی جانب سے بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ سخت اقدامات کے ذریعے سالانہ 600 ارب روپے کی بجلی چوری پر بھی قابو پایا جائے، امید ہے حکومت مرحلہ وار ٹیکسز کی شرح میں بھی کمی کرے گی۔ اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ بجلی (بقیہ نمبر 42)

وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق، علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال سیالکوٹ میں ڈاکٹرز کے ڈیوٹی روسٹر کا جائزہ لے رہے ہیں

مسلمانوں کو ہمدردی کا جذبہ رمضان کے بعد بھی جاری رکھنا چاہیے، جے یو آئی (س)

رمضان گزر جانے کے بعد بھی غربا پر ترس، پریشان حال لوگوں سے حسن سلوک کی کوشش کی جانی چاہیے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) پنجاب کے امیر پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلی مولانا ایوب خان، مرکزی سالار و امیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین، ناظم اعلی لاہور مولانا طیب عثمان الحسینی، سیکرٹری اطلاعات لاہور قاری رحمت اللہ لاشاری، پیر اکبر ساقی، مولانا عرفان شاکر، مولانا عبد الجبار، مولانا عبیداللہ بھکر وی، مولانا صلاح الدین ایوبی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مسلمانوں کو ہمدردی کا جذبہ رمضان کے بعد بھی جاری رکھنا چاہیے، رمضان المبارک محتاجوں مسکینوں اور غریبوں کے ساتھ ہمدردی کے اظہار کرنے کا (بقیہ نمبر 41)

سمجھے منصوبے کے تحت پی ٹی آئی میں پھوٹ ڈلوانے کی کوششیں کی جارہی ہیں، مسرت چیمہ

بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کرنا ہوگا تبھی سازشی عناصر کی چالیں ناکام ہوں گی، سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ حکمران سوچے سمجھے منصوبے کے تحت پی ٹی آئی میں پھوٹ ڈلوانے کے لئے کوشاں ہیں اس لئے پی ٹی آئی کی ہر سطح کی قیادت کو چوکنا رہنا ہوگا اور اپنی آنکھیں اور کان کھلے رکھنا ہوں گے، پی ٹی آئی کو آج بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کرنا ہوگا تبھی سازشی عناصر کی چالیں ناکام ہوں گی۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پی ٹی آئی رہنماؤں کو ایک دوسرے کی مخالفت میں بیان بازی سے گریز کرنا چاہیے، بانی پی ٹی آئی نے جسے جو ذمہ داری سونپی ہے وہ اسے ایمانداری کے ساتھ سر انجام دے، موجودہ حالات میں ایک دوسرے کی غلطیوں اور کوتاہیوں کو (بقیہ نمبر 40)

عمرکوٹ: پی ٹی آئی سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ این اے 213 عمرکوٹ کے ضمنی انتخابات میں پی ٹی آئی امیدوار لال چند مالی کے ہمراہ ڈور ٹو ڈور ورک کرتے ہوئے

مولانا فضل الرحمن کی کردار کشی کرنے والے اپنا گریبان جھانکیں، جے یو آئی

مولانا فضل الرحمن کروڑوں دلوں کی دھڑکن ہیں، قبلہ درست نہ کیا گیا تو سخت ردعمل دینگے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمن کی کردار کشی کرنے والے اپنا گریبان جھانکیں۔ جے یو آئی نے ملک میں نہ تو کبھی فسادات اور انتشاری سیاست کی اور نہ ہی کبھی کسی کی پگڑی اچھالی۔

رشتے کا تنازعہ، شادی کے روز سالی کو قتل کرنے والا بہنوئی گرفتار

ملزم نے مقتولہ کو رشتے کے تنازعہ کی وجہ سے فائرنگ کرکے قتل کردیا تھا، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن

لاہور (شیخ ثاقب) سندر کے علاقے میں شادی کے روز نوجوان لڑکی عائشہ حبیبہ کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے قتل کی اس بڑی واردات کا نوٹس لیا تھا جس پر ایس پی انویسٹی گیشن صدر معظم علی کی سربراہی میں ملزم کی گرفتاری کے لیے ٹیم تشکیل دی گئی تھی۔ انچارج انویسٹی گیشن تھانہ سندر انسپکٹر پاشا عمران نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن کے مطابق ملزم اکرام مقتولہ کا بہنوئی ہے، جس نے مقتولہ کو رشتے کے تنازعہ کی وجہ سے فائرنگ کرکے قتل کردیا تھا۔

26
2
17
MUNEEBA

لاہور: پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کی کھلاڑی ایل سی سی اے گراؤنڈ میں وارم اپ میچ کے دوران تھائی لینڈ کی کھلاڑی کو آؤٹ کرنے پر خوشی کا اظہار کررہی ہیں

معمولی جھگڑے پر نوجوان کا نہر میں دھکیل کر قتل، دوست ہی دشمن نکلے

ملزمان سلیم کو بی آر بی نہر میں نہانے کے بہانے لے گئے، تلخ کلامی پر گہرے پانی میں دھکیل دیا

لاہور (شیخ ثاقب) شاد باغ کے علاقے میں 19 سالہ نوجوان سلیم کے قتل کا معمہ حل ہوگیا، جس میں اس کے دوست ہی قاتل ثابت ہوئے۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن کی ہدایت پر ایس پی سٹی کی سربراہی میں خصوصی ٹیم نے ملزمان کو گرفتار کیا۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمان منیب اور امیر حمزہ اپنے دوست سلیم کو گھر سے بی آر بی نہر میں نہانے کے بہانے لے گئے تھے، جہاں معمولی تلخ کلامی پر اسے گہرے پانی میں دھکیل دیا۔ بعدازاں ملزمان کی نشاندہی پر سلیم کی لاش نہر سے برآمد کی گئی۔ ایس پی انویسٹی گیشن نے بتایا کہ جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ان کے خلاف مضبوط چالان مرتب کرکے سخت سزا دلوائی جائے گی۔ جرائم پیشہ عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

حجرہ: اوباش کا خاتون سے جنسی زیادتی، 10 گھنٹوں میں ملزم گرفتار

3 سال سے زیادتی کا شکار خاتون کی شکایت پر پولیس نے فوری کارروائی کی

حجرہ شاہ مقیم (نمائندہ خصوصی) حجرہ شاہ مقیم میں خاتون سے اوباش کی جنسی زیادتی، ڈی پی او اوکاڑہ کے احکامات پر فرار ملزم 10 گھنٹوں میں گرفتار مقدمہ درج ملزم پابند سلاسل تفصیلات کے مطابق حجرہ شاہ مقیم کے گاؤں ٹھجوروالہ میں طلاق یافتہ خاتون کو گھر میں اکیلی پا کر عباس میو نامی اوباش نے جنسی حوس کا نشانہ بنا ڈالا خاتون کا شور وواویلہ سن کر وسیم، جاوید اور دیگر اہل محلہ موقع پر پہنچے تو ملزم اسلحہ کے زور پر فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا متاثرہ خاتون صوبیہ تبسم نے بتایا کہ ملزم عباس میو عرصہ تین سال سے اسلحہ کے زور پر اپنی حوس کا نشانہ بنا رہا ہے گھر والوں کو بتانے پر جان سے مار دینے کی دھمکیاں دیتا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر راشد علی کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ حجرہ شاہ مقیم حافظ اطہر رشید نے 10 گھنٹوں میں فرار ملزم کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا اور مقدمہ درج کر کے کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

سرگودھا، دریائے چناب پل کے قریب تیز رفتار کار الٹ جانے سے 2 افراد جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے قریب قومی شاہراہ موٹروے ایم 2 پر دریائے چناب پل کے قریب تیز رفتار کار الٹ جانے سے اس میں سوار دو افراد جاں بحق اور چار افراد شدید زخمی ہو گئے جن کو ریسکیو کر کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق قومی شاہراہ موٹروے ایم 2 پر چکوال سے لاہور جانے والی کار جی ایل آئی سرگودھا کے علاقہ دریائے چناب پل کے (بقیہ نمبر 46)

ADIL EXPRESS
MALIK SAJID IQBAL
SHADI KHAIL

راولپنڈی: عیدا پنے پیاروں کے ساتھ گزار کر واپس آنیوالے پردیسی پیرودھائی بس اڈے پر اپنا سامان اتروا رہے ہیں

وزیراعظم کا بجلی کی قیمتوں میں کمی کا اعلان ناکافی ہے: نعیم الرحمن

بجلی پر زیادہ ریلیف ملنا چاہیے تھا، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کا پیٹرول کی قیمت بھی کم کرنے کا مطالبہ

عالمی مارکیٹ میں پیٹرول کی قیمت 5، 6 سال کی کم ترین سطح پر آگئی، ہمارے ہاں قیمت کو کم نہیں کیا جارہا بلکہ لیوی بڑھائی جارہی ہے، امیر جماعت اسلامی

کراچی (نمائندہ خصوصی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ بجلی کی قیمتوں میں زیادہ ریلیف ملنا چاہیے تھا، 7 اپریل کو مشاورت کے بعد ایک لائحہ عمل کا اعلان کروں گا۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ بجلی قیمتوں میں کمی کا خیر مقدم کرتے ہیں مگر یہ آغاز ہے اختتام نہیں ہے، دوسری طرف عالمی مارکیٹ میں پیٹرول کی قیمت میں گزشتہ روز بھی 7 فیصد کی کمی واقع ہوئی ہے، تیل کی قیمت 5، 6 سال کی کم ترین سطح پر آگئی ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ہمارے ہاں قیمت کو کم نہیں کیا جارہا بلکہ ایک طرف پیٹرول (بقیہ نمبر 47)

قیدیوں کے اہل خانہ صرف ایک ایس ایم ایس کے ذریعے رہائی کی تاریخ اور سزا میں معافی بارے جان سکیں

قیدیوں کی سزا میں معافی اور رہائی کا تمام ڈیٹا شفاف انداز میں آن لائن کر دیا گیا ہے، سیکرٹری داخلہ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعلی پنجاب کے پریزن ریفارمز ایجنڈا کے تحت قیدیوں کی فلاح کیلئے انقلابی اقدام سامنے آیا ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے قیدیوں کی سزا میں معافی اور بقیہ سزا کا تمام ریکارڈ آن لائن کر دیا۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل نے محکمہ داخلہ میں منعقدہ تقریب میں جدید سسٹم کا افتتاح کر دیا۔ پنجاب بھر میں موجود قیدیوں کے اہل خانہ اب صرف ایک SMS کے ذریعے قیدی کی رہائی کی تاریخ بارے جان سکتے ہیں۔ (بقیہ نمبر 48)

ٹیچنگ ہسپتال میں والدہ کا علاج کرانے کے لیے آنے والا بچہ کرنٹ لگنے سے جاں بحق

لاہور (این این آئی) لاہور کے ٹیچنگ ہسپتال میں والدہ کے ساتھ والدہ کا علاج کرانے کے لیے آنے والا بچہ کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہوگیا، ورثاء نے بچے کی لاش جی ٹی روڈ پر رکھ کر احتجاج بھی کیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق متاثرہ شہری نے بتایا کہ ہسپتال کے گراؤنڈ میں بیٹے کو کرنٹ لگا جس کے بعد ایمرجنسی میں ڈاکٹرز نے توجہ نہیں دی جس سے بچے کی موت واقع ہوگئی۔ بچے کے والد نے مقدمے کے اندراج کے لیے (بقیہ نمبر 49)

بجلی کی قیمتوں میں تاریخی ریلیف، مہنگائی 60 سالہ تاریخ کی کم ترین سطح پر آنے پر وزیراعظم کو خراجِ تحسین

اب آنے والے وقت عوام کے لئے اسی طرح کی خوشخبریاں لائے گا، صدر مسلم لیگ (ن) لاہور سیف الملوک کھوکھر

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر نے بجلی کی قیمتوں میں تاریخی ریلیف اور مہنگائی 60 سالہ تاریخ کی کم ترین سطح پر آنے پر وزیراعظم شہباز شریف کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب آنے والے وقت عوام کے لئے اسی طرح کی خوشخبریاں لائے گا۔ اپنے بیان میں سیف الملوک کھوکھر نے کہا کہ تاریخ (بقیہ نمبر 50)

تاجپورہ میں 30 سالہ خاتون نے گھریلو حالات سے دلبرداشتہ ہوکر خودکشی کرلی

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں خودکشی سمیت مختلف واقعات میں 4 افراد جاں بحق ہو گئے۔ غازی آباد کے علاقہ تاجپورہ میں 30 سالہ خاتون نے گلے میں پھندہ لے کر خودکشی کی، 30 سالہ خاتون ناصرہ نے گھریلو حالات سے دلبرداشتہ ہوکر گلے میں پھندہ ڈال کر زندگی کا خاتمہ کرلیا۔ نواب ٹاؤن کے علاقہ سے 45 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی، فیکٹری ایریا غازی روڈ سے 45 سالہ نامعلوم شخص مردہ حالت میں ملا، چوکی صوئے آصل میں 65 سالہ ملنگ بابا مردہ حالت میں ملا۔ پولیس کی ضروری کارروائی کے بعد میتوں کو ایدھی ایمبولینسز (بقیہ نمبر 51)

پنجاب بھر میں بڑے پراپرٹی ڈیفالٹرز کو گرفتار کرکے ٹیکس ریکوری کا حکم دیدیا گیا

موٹر ٹیکس میں 100 فیصد کے قریب پہنچ گئے، پراپرٹی ٹیکس میں بہتری کیلئے بڑے ڈیفالٹرز کی گرفتاریوں کا حکم دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں بڑے پراپرٹی ڈیفالٹرز کو گرفتار کرکے ٹیکس ریکوری کا حکم دے دیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل ایکسائز عمر شیر چٹھہ نے سخت کارروائیوں کا حکم دے دیا ہے۔ ڈی جی ایکسائز نے کہا کہ لاہور سمیت پنجاب بھر میں 42 ارب سے زائد کا ہدف حاصل کیا۔ رواں مالی سال میں اب تک گزشتہ مالی سال کی نسبت 9 ارب زائد وصول ہو چکے ہیں، 56 ارب سے زائد کے ٹارگٹ کیلئے حصول کے لئے سخت فیصلے کئے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 52)

لاہور: صوبائی وزیر لیبر ملک فیصل ایوب کھوکھر امریکن وفد سے اینٹ کی تیاری مشین کے ذریعے کرنے کے حوالے سے ملاقات کررہے ہیں

بجلی کی قیمتوں میں کمی سے مہنگائی میں بھی نمایاں کمی آئے گی، ذیشان رفیق

حکومتی پالیسیوں کے باعث معاشی شعبے میں مسلسل بہتری آنا خوش آئند ہے، وزیر بلدیات

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے بجلی کی قیمتوں میں کمی کے فیصلے پر وزیراعظم کو خراج تحسین پیش کرکے کہا ہے کہ شہباز شریف حکومت کے فیصلے سے عوام اور انڈسٹری دونوں کو زبردست فائدہ ہوگا۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی سے مہنگائی میں بھی نمایاں کمی آئے گی۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ حکومتی اقدامات سے پہلے ہی افراط زر کی شرح سنگل ڈیجٹ تک نیچے آچکی ہے۔ بجلی سستی کرنے سے عوام کو اب مزید ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی پالیسیوں کے باعث معاشی شعبے میں مسلسل بہتری آنا خوش آئند ہے۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ عوام کی فلاح و بہبود کو مقدم رکھنا ہمیشہ مسلم لیگ ن کا منشور رہا۔ مسلم لیگ ن کے سربراہ نواز شریف نے بھی اپنی حکومت کے دوران ملک و قوم کی ترقی کو اپنا ایجنڈا بنایا۔

انسداد بجلی چوری مہم، بجلی چوروں سے 151 ارب سے زائد وصول

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں معیشت کی بحالی کیلئے انسداد بجلی چوری مہم کامیابی کے ساتھ جاری ہے اور مہم کے دوران بجلی چوروں سے اب تک 151 ارب روپے سے زائد وصول کئے گئے ہیں۔ اعداد وشمار کے مطابق اب تک مجموعی طور پر ایک لاکھ 16 ہزار سے زائد بجلی چوروں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کے نتیجے میں اب تک 151 ارب 85 کروڑ روپے سے زائد وصول کرلیے گئے۔

وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور پارلیمانی سیکرٹری عبدالصمد گورگیج ملاقات کررہے ہیں

پنجاب چیریٹیز کمیشن کیلئے نئے کمشنرز کی تعیناتی کی منظوری

لاہور (این این آئی) پنجاب چیریٹیز کمیشن کیلئے نئے کمشنرز کی تعیناتی کی منظوری دیدی گئی۔ اسد اللہ خان کو دوبارہ 2 سالہ مدت کے لئے کمشنر پنجاب چیریٹیز کمیشن تعینات کرنے کی منظوری دیدی گئی۔ ڈاکٹر اسامہ صدیقی کی بطور کمشنر دوبارہ تعیناتی کی تجویز دی گئی، ڈاکٹر اسامہ صدیقی کی پہلی مدت 20 دسمبر 2024 کو مکمل ہوئی۔

''اپنی چھت، اپنا گھر'' سکیم کے لیے 5 ارب روپے جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ پنجاب نے ''اپنی چھت، اپنا گھر'' سکیم کے لیے 5 ارب روپے جاری کردیئے۔ اس کے ساتھ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن (پیف) کے سکول ٹیچرز کی تنخواہوں کے لیے 3 ارب روپے کا بجٹ جاری کیا گیا، یہ بجٹ اگلے تین ماہ کے لیے مختص کیا گیا ہے تاکہ پیف کے سکولوں کے اساتذہ کی تنخواہیں بروقت ادا کی جاسکیں۔

شریف اللہ صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب تعینات، چارج سنبھال لیا

لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے اعلامیے کے مطابق شریف اللہ کو بطور صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب تعینات کردیا گیا ہے، انہوں نے دفتر صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب، لاہور میں اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے، دفتر صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب کے افسران و اسٹاف نے صوبائی الیکشن کمشنر کا استقبال کیا

محکمہ سکول ایجوکیشن کی سکولوں کے سامنے زیبرا کراسنگ بنانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) محکمہ سکول ایجوکیشن نے لاہور سمیت مختلف ایجوکیشن اتھارٹیز کو سکولوں کے سامنے زیبرا کراسنگ بنانے کی ہدایت کر دی۔ محکمہ سکول ایجوکیشن کی جانب سے مجموعی طور پر 18 ایجوکیشن اتھارٹیز کے سربراہان کو مراسلہ بھجوایا گیا،

پنجاب انوائرنمنٹل پروٹیکشن ایجنسی کو عالمی معیار کی سرٹیفکیشن مل گئی

ای پی اے پنجاب یہ اعزاز حاصل کرنے والا پاکستان کا پہلا ادارہ بن گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب انوائرنمنٹل پروٹیکشن ایجنسی کو عالمی معیار کی سرٹیفکیشن مل گئی۔ برطانیہ کے ایکریڈیٹڈ ادارے نے ای پی اے پنجاب کی اعلی کارکردگی کو تسلیم کرتے ہوئے اسے آئی ایس او 9001 سرٹیفکیٹ جاری کر دیا، ای پی اے پنجاب یہ اعزاز حاصل کرنے والا پاکستان کا پہلا ادارہ بن گیا۔ اس سرٹیفکیشن کا مقصد ادارے کی ماحولیاتی تحفظ کے اقدامات میں شفافیت، بہتری اور بروقت فیصلوں کی تصدیق کرنا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی قیادت میں گزشتہ ایک سال کے دوران ماحولیات کے تحفظ اور بہتری کے لیے کیے گئے اقدامات عالمی معیار کے مطابق قرار پائے۔ برطانوی ادارے نے شجرکاری، فضائی و آبی آلودگی کے خاتمے، اور دیگر ماحولیاتی پالیسیوں کی تصدیق کی ہے۔ ای پی اے پنجاب کی فوری اور بروقت کارروائیوں، شفافیت اور جدید ماحولیاتی پالیسیوں کے نفاذ کو بین الاقوامی معیارات پر پورا اترنے والا قرار دیا گیا ہے۔

مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا نہ کرنے والا ایم ایس سیدھا گھر جائے گا، خواجہ سلمان رفیق

سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کے علاج ومعالجہ میں غفلت کرنے والے ایم ایس کی محکمہ صحت میں کوئی جگہ نہیں

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اچانک علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال سیالکوٹ پہنچ گئے۔ ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر محمد وسیم بھی ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ایمرجنسی، او پی ڈی، آپریشن تھیٹرز، میڈیسن سٹور، وزیراعلیٰ شکایات سیل و دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا۔ او پی ڈی میں مریضوں کی طویل قطار پر ایم ایس سے سخت برہمی کا اظہار کیا اور صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات پر سرزنش بھی کی۔ خواجہ سلمان رفیق نے ایم ایس کو ہدایت کی کہ ہسپتال کے واضح مقامات پر ادویات کی فہرستیں اور ڈاکٹرز کے ڈیوٹی روسٹرز آویزاں کریں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سرکاری ہسپتالوں کے دورے کرکے حالات کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا نہ کرنے والا ایم ایس سیدھا گھر جائے گا۔ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کے علاج ومعالجہ میں غفلت کرنے والے ایم ایس کی محکمہ صحت میں کوئی جگہ نہیں ہے۔

کراچی سینئر رہنما ممبر سندھ کونسل پاکستان پیپلز پارٹی ظفر جھنڈیر کی جانب سے جھنڈیر ہاؤس میں صدر آصف علی زرداری کی صحت یابی کے لئے اجتماعی دعا کی جارہی ہے